Presented by: Rana Jabir Abbas

سوانح

جناب قنبر رحمۃ اللہ علیہ



از قلم

مصنف:

زبدۃ العلما سید آغا مہدی لکھنوی مرحوم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں۔

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

یا عباسؑ

۷۸۶
۱۱۰-۹۲
یا صاحب الزّماں ادرکنیؑ

DvD Version

NOT FOR COMMERCIAL

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس دورِ غلامی کو مٹانے کے لئے
اس عہد کو یارب کوئی قنبر دیدے

سوانح

جناب قنبر رحمۃ اللہ علیہ

مصنّف

زبدۃ العلماء سیّد آغا مہدی لکھنوی

رحمت اللہ بک ایجنسی
کاغذی بازار میٹھادر
کراچی ۷۴۰۰۰
فون: 2431577 - 2440803

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتابیات

- ★ اقتباس الانوار۔ عربی و فارسی
- ★ ارجح المطالب عبیداللہ امرتسری اردو
- ★ ارشاد یہ چودھویں رات کا چاند
- ★ بحار الانوار نویں جلد عربی
- ★ رسالہ براق نبوی اردو چھاپہ
- ★ تاریخ ابن وردی عربی
- ★ تذکرۃ الحیوان اردو مخطوطات
- ★ ترجمہ مجالس المومنین طبع آگرہ اردو
- ★ جواہر سنیہ در احادیث قدسیہ عربی
- ★ حجج البالغہ تفسیر سورۂ فاتحہ اردو مخطوطات
- ★ حملہ حیدری فاضل باذل فارسی نظم
- ★ دیوان حضرت امیرؑ عربی نظم
- ★ رقعات مرزا قتیل فارسی
- ★ زاد الزائرین اردو سفر نامہ آخوند مرزا قاسم علی مرحوم
- ★ الزہرا اردو
- ★ سواء السبیل شرح زاد قلیل عربی
- ★ صحیفۂ کاملہ عربی
- ★ عرائس التیجان ثعلبی
- ★ غرر الخصائص ابن وطواط عربی
- ★ فوائح الجنان مخطوطات
- ★ فضائل مرتضوی مولوی مرزا باقر علی دہلوی طبع ممتاز المطابع دہلی
- ★ قصۃ المیمون شیخ احمد درویش عربی
- ★ الکافی یعقوب کلینی عربی
- ★ لغات کشوری مولوی سید تصدق حسین کنتوری اردو
- ★ لواعج الاحزان
- ★ مدینۃ المعاجز عربی طبع ایران
- ★ معجم الطالب جرجس ہمامؒ عربی
- ★ مناقب ابن شہر آشوب عربی
- ★ مناقب ترمذی کشفی فارسی
- ★ ناسخ التواریخ جلد ششم طبع بمبئی
- ★ ینابیع الانوار تفسیر کلام اللہ الجبار عربی مخطوطات مکتبہ ممتاز العلماء لکھنؤ
- ★ ینابیع المودت طبع بمبئی
- ★ معدن الفوائد
- ★ رجال کشی عربی

فہرست مضامین

عنوان	صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
عرضِ حال	۴	بیان حزب اختلاف و ذکر قنبرؓ	۴۰
سوانح قنبرؓ پر ایک نظر	۵	خدمتِ خلق کا اعلیٰ جذبہ	۴۰
ابتدائیہ	۱۱	جود و سخا کا ایک منظر	۴۰
غلامی	۱۶	صفتِ سلیمان نبیؑ میں شرکت	۴۱
جناب قنبرؓ	۲۰	صفت حضرت موسیٰؑ کی جھلک	۴۳
تحقیق لفظ قنبر	۲۲	صفت موکلانِ دوزخ	۴۴
آغازِ حیات	۲۳	علم ہدایت شمیم ہاتھ میں	۴۶
قنبرؓ کا وطن	۲۵	شہادت قنبرؓ کی پیشین گوئی	۴۷
نقشہ ممالک اسلامی (قدیم)	۲۸	عناصر اربعہ ۱۱ھ سے ۶۰ھ تک	۴۷
قصۃ المیمون	۲۹	واقعہ کربلا میں کیوں شریک نہ ہوئے؟	۴۹
حلیہ اور سراپا کمالات	۳۰	امام مظلومؑ کو سفر میں قنبرؓ کی یاد	۴۹
مولاؑ کا خط قنبرؓ کے نام	۳۰	شہادتِ قنبرؓ اور قاتل کا تعارف	۵۰
بزم امام صادقؑ میں قنبرؓ کی یاد	۳۱	مزارِ قنبرؓ	۵۳
فصاحت و بلاغت	۳۲	اولادِ قنبرؓ	۵۵
فضل و شرف (علم)	۳۶	قنبرؓ کی شہادت پر سید سجادؑ کا تاثر	۵۵
دربارِ معاویہ میں سخت گفتگو	۳۶	علماء دین کی نظر میں قنبرؓ	۵۷
درس مساوات	۳۸	تصویرِ قنبرؓ	۵۸
رفاقتِ علیؑ	۳۹	ادبیات	۵۸

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرضِ حال

اسلام نے غلامی کی اقدار کو یکسر بدل ڈالا اور آلِ محمد علیہم السلام نے اپنے حسنِ کردار سے غلام کو کچھ یوں جلا بخشی کہ آج ہمارے لیے آلِ محمدؐ کے غلاموں کی غلامی سرمایۂ افتخار ہے۔ اُن کے غلاموں کے قدموں میں سرِ نیاز خم کرنے میں روحانی مسرت حاصل ہوتی ہے۔

جناب قنبر علیہ الرحمہ کی ذاتِ گرامی آلِ محمدؐ سے کچھ یوں وابستگی و پیوستگی رکھتی ہے کہ جس طرح حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایسے آقا کے ساتھ بلالؓ کا نام آتا ہے۔ اسی طرح حضرت علیؑ کے ساتھ قنبرؒ کا نام لازم ہے۔ جناب قنبرؒ سے متعلق بہت کم معلومات پائی جاتی ہیں۔ خصوصاً یہ سوال ذہن میں آتا ہے کہ جناب قنبرؒ واقعۂ کربلا کے وقت کہاں تھے۔ نیز ان کی وفات کیونکر ہوئی۔ ان سب امور کا جواب آپ کو زیرِ نظر سوانح میں ملے گا اور علمی قدر و منزلت۔ مجد و شرف اور محبت و مودتِ جناب قنبرؒ نمایاں نظر آئیگی اور یہ فیصلہ کرنا مشکل ہوگا کہ جناب قنبرؒ غلام تھے یا عالمِ علوم اہلبیتؑ تھے۔

جناب لسان الملت مولانا سید آغا مہدی لکھنوی مدظلہ العالی سوانح قنبرؒ کے مرتب ہیں جن کی ذاتِ گرامی صحتِ سوانح نگاری میں مستند کی حیثیت رکھتی ہے دعا گو ہیں کہ مومنین اس سے استفادہ فرمائیں اور غلامیٔ قنبرؒ ایسا شرف پائیں۔

فقط والسلام

(الحاج خواجہ حبیب علی)

سوانح قنبرؒ پر ایک نظر

گزشتہ زمانے میں دنیا کے ہر گوشے میں غلامی کا رواج عام تھا۔ اور غلاموں سے بہت ناروا سلوک کیا جاتا تھا۔ اسلام غلامی کو پسند نہیں کرتا تھا۔ مگر اس قبیح رواج کو یک قلم ختم کرنا ناممکن امر تھا۔ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ "اسلام نے غلام خریدنے اور رکھنے کو حرام کیوں قرار نہ دیا"۔ لیکن وہ یہ نہیں سوچتے کہ اسلام کی حکومت پوری دنیا پر نہیں تھی۔ اگر غلام رکھنے اور خریدنے کو اسلام حرام قرار دے دیتا تو نتیجہ صرف یہ ہوتا کہ مسلمان تو غلاموں کو نہ خرید سکتے لیکن غیر مسلم ملکوں میں تو خریداری بند نہ ہوتی۔ غیر مسلم تو ضرور خریدتے۔ یعنی بکنے والے غلام سب کے سب غیر مسلم ملکوں میں کفار کے قبضے میں جاتے جو اُن بکنے والوں کو حسب دستور خرید کر اپنے بے رحمانہ سلوک اور ظلم و ستم کا نشانہ بناتے رہتے اور پھر ان غلاموں کی آزادی کا بھی کوئی ذریعہ نہ ہوتا۔ اس لیئے اسلام نے یہ بہتر جانا کہ مسلمانوں پر غلاموں کی خریداری کو حرام قرار نہ دیا جائے۔ تاکہ فروخت ہونے والے مظلوم اور مصیبت زدہ انسانوں کی کچھ تعداد تو مسلمانوں کی خریداری میں آ کر کفار کے قبضے میں جانے اور ان کے ظالمانہ و بیرحمانہ سلوک کا نشانہ بننے سے بچ جائے۔ کیونکہ مسلمانوں کو رحم کی تعلیم دی گئی ہے اس لئے رسولِ خداؐ جانتے تھے کہ مسلمان لوگ اپنے خریدے ہوئے غلاموں سے کافروں کی طرح ظالمانہ سلوک نہ کریں گے پس ایک وجہ تو یہ تھی کہ سب فروخت ہونے والوں کو تو کافروں کے ظلم و تشدد سے بچایا ہی نہیں جا سکتا تھا کیونکہ اسلام کی حکومت ساری دنیا پر نہیں ہے لیکن ایک بڑی تعداد کو خرید کر کفار سے بچایا جا سکتا ہے۔

دوسری وجہ یہ تھی کہ اسلام نے مختلف گناہوں کا کفارہ غلام آزاد کرنے کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرار دیا تھا جس کی وجہ سے مسلم دنیا میں غلاموں کو آزادی ملنے کے مواقع میسّر ہو سکتے تھے۔ مگر کفار کے قبضے میں جانے والوں کو آزادی ملنا قریباً ناممکن تھا۔ اس لئے اسلام نے غلام خریدنے کو حرام قرار نہیں دیا تاکہ غلاموں کی ایک بڑی تعداد کو کفار کی دائمی غلامی سے بچا کر آزادی کے مواقع دیئے جائیں۔

تیسری وجہ یہ تھی کہ اسلامی رحم و کرم سے متاثر ہوکر اور اسلام کی خوبیاں کو دیکھ کر غلاموں کے اسلام قبول کر لینے کا امکان تھا۔ پس اسلام نے چاہا کہ فروخت ہونے والوں کی ایک بڑی تعداد کافروں کے ظالمانہ برتاؤ سے بھی بچ جائے۔ ان کو آزادی کے مواقع بھی ملے۔ ان وجوہات کی بناء پر غلامی کو حرام قرار نہ دینا ہی بہتر تھا۔

اسلام نے پہلے تو غلامی کو صرف حربی کفّار میں محدود کر دیا جو جنگ و جدال کے نتیجہ میں اسیر کر لیے جاتے تھے اور یہ ایک ناگزیر ضرورت تھی کیونکہ اسلام کی جنگ اسی وقت ہوتی ہے جب دشمن حد سے تجاوز کر کے انتہائی خطرناک صورتِ حال پیدا کر دے۔ اب اگر ایسے گروہ کے آدمی کو آزاد چھوڑ دیا جائے گا تو وہ تخریبکاری سے باز نہیں رہ سکے گا۔ کیونکہ جو لوگ بغاوت و سرکشی سے امنِ عامّہ کو خطرے میں ڈال چکے ہوں آئندہ بھی ان پر اعتماد نہیں رہتا اور موجودہ سیاست کے مطابق ایسے افراد کی سزا موت یا حبسِ دوام ہے لیکن اسلام کے قوانین میں سنگ دلی کی بجائے عفو و رحم زیادہ غالب ہے۔ چنانچہ ایسے لوگوں کے لیے اسلام نے یہی سزا تجویز کی ہے نہ ان کو قتل کیا جائے اور نہ ہی جیل بھیجا جائے بلکہ ان کی آزادی سلب کر لی جائے۔ جو نسبتاً بہت نرم سزا ہے اس میں یہ مصلحت بھی ہے کہ دشمن کو نسلاً بعد نسل غلامی کا ڈر مسلمانوں کے خلاف جنگ کا محاذ قائم کرنے سے مانع ہو۔ پھر پیغمبرِ اسلام ؐ نے غلاموں کو آزاد کرنے کی ترغیب دی اور بردہ فروشی

کی سختی سے مزمّت فرمائی۔ کفّارہ میں غلاموں کی آزادی کو جگہ دی۔ مصارفِ زکواۃ میں ان کی آزادی کا حصّہ قائم کیا۔ کسی جسمانی لاغری سے اگر غلام ناکارہ ہو جائے تو وہ خود بخود آزاد متصوّر ہوگا۔ اگر کنیز صاحبِ اولاد ہو جاتی ہے تو مالک کی وفات کے بعد ہمیشہ کے لئے آزاد ہوگی۔ اور پھر یہ کہ اگر تھوڑے سے غلام باقی رہ جائیں تو پھر ان سے حسنِ سلوک مساوات کی بنیاد پر ہو۔ چنانچہ رسولِ کریم ؐ نے ارشاد فرمایا "جو خود پہنتے ہو وہی انہیں پہناؤ اور جو خود کھاتے ہو وہی انہیں کھلاؤ"۔ جب غلام سے اس بنیاد پر حسنِ سلوک ہو تو آزاد ہو کر از خود اس کی کدورت رفع ہو چکی ہوتی ہے اور اسلامی تعلیم کا اس پر گہرا اثر ہوتا ہے۔

حضرت امیرالمومنینؑ غلاموں سے گہری ہمدردی رکھتے تھے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے اپنی محنت کی کمائی سے تقریباً ایک ہزار غلاموں کو خرید کر آزاد کر دیا۔ حضرتؑ صرف غلاموں کو خرید کر آزاد کر دینے پر ہی اکتفا نہ فرماتے تھے بلکہ محتاج غلاموں کی کفالت بھی اپنے ذمّہ لے لیتے تھے اور ان پر اس قدر مہربان و شفیق تھے کہ یہ گمان تک نہ ہوتا تھا کہ کسی قصور پر انہیں سزا بھی دیں۔ ایک مرتبہ ایک غلام کو کسی کام کے لئے آواز دی۔ چند بار پکارنے پر بھی وہ نہ آیا۔ آپؑ نے باہر جھانکا تو دیکھا کہ وہ باہر کھڑا ہے۔ فرمایا میں نے تمہیں اتنی مرتبہ بلایا کیا تم نے میری آواز نہیں سنی؟ اس نے جواب دیا میں تو خاموش اس لئے رہا کہ مجھے آپؑ کی طرف سے یہ خطرہ نہ تھا کہ میرے جواب نہ دینے پر آپؑ مجھے سزا دیں گے۔ حضرتؑ نے جب یہ سُنا تو فرمایا الحمد للہ کہ اس نے مجھے ایسا قرار دیا جس (کے گزند) سے خلقِ خدا اپنے کو محفوظ سمجھتی ہے۔ اٹھو تم راہِ خدا میں آزاد ہو۔

ایک دفعہ جناب امیرؑ اپنے عزیز غلام قنبرؒ کے ساتھ بازار گئے۔ دو پیرہن خریدے ایک عمدہ اور ایک سستا۔ قنبرؒ سے کہا کہ "عمدہ کپڑا تم لے لو اور سادہ میرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لئے رہنے دو۔" قنبرؓ نے عرض کیا "مولا! آپ آقا ہیں۔ اچھا کپڑا خود زیب تن فرمایئے"۔ آپؑ نے ارشاد فرمایا "قنبرؓ تم جوان ہو۔ تم میں شباب کا ولولہ ہے۔ مجھے اپنے رب سے شرم آتی ہے کہ میں (پوشش میں) اپنا معیار تم سے بلند رکھوں۔" یہ بات اس لحاظ سے نرالی نہیں ہے کہ ایک آقا نے کم قیمت لباس پہنا اور غلام کو مہنگا کپڑا دیا۔ کیونکہ کئی حکمران ایسے کردار کے ملتے ہیں جنہوں نے اپنے غلاموں کو آراستہ و پیراستہ کیا مگر محض لباس فاخرہ و ظاہری نمائش سے احساسِ غلامی ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس طرح کی وضع قطع بعض اوقات غلامی کا احساس ابھارتی ہے۔

اس واقع میں امیر المومنینؑ کی انسانی نفسیات و احساسات پر نظرِ غائر توجہ کے قابل ہے کہ کس انداز سے انہیں پڑا دیا کہ قنبرؓ کو یہ احساس نہیں ہوا کہ عمدہ لباس غلام نوازی کی بنا پر عطا ہوا ہے۔ بلکہ آپؑ نے شباب و پیری کے فرق کو بیان فرما کر ایسا خیال ابھرنے ہی نہ دیا۔ اور غلام کا ذہنی رُخ موڑ کر یہ تاثر دیا کہ سن و سال کے لحاظ سے انسان کے طبعی تقاضوں میں فرق ہوتا ہے۔ مگر انسان ہونے کے اعتبار سے سب کے احساسات یکساں ہوتے ہیں۔ یہ وہ طرزِ عمل تھا جس نے غلاموں میں بیداری پیدا کی، ان میں مخفی صلاحیتوں کو روبہ عمل لانے کی تحریک پیدا کی چنانچہ اسی ذہنی نمود کے نتیجہ میں غلاموں میں سے ایک طبقہ غلامی کی زنجیریں توڑ کر اپنی سعی و کاوش سے تختِ شاہی کی بلندیوں تک پہنچا اور سلطنتوں کا بانی قرار پایا۔ حضرات محمدؐ و آل محمد علیہم السلام نے غلاموں اور کنیزوں سے ایسا عمدہ اور رحمدلانہ سلوک کیا کہ ان کے غلام اور کنیزیں آج فخرِ اسلام ہیں۔

شاعرِ اہلبیت جناب خ۔ح اسیر ایرانی کہتے ہیں

یہ قنبرؓ کا نصیبہ تھا، یہ فضہؓ ہی کی قسمت تھی ۔۔۔ نہیں ملتی فضیلت بھی کسی کو یوں مقدر سے
غلامی حضرتِ مولا علیؑ کی عینِ ایماں ہے ۔۔۔ غلامی میں مزا کیا ہے؟ یہ پوچھے کوئی قنبرؓ سے

حضرت قنبرؓ حضرت علیؑ کے وفادار غلام ہیں جن کی شان نہایت بلند ہے حضرت شمس تبریزؒ جیسے انسان اپنے آپ کو قنبرؓ کا غلام کہتے ہیں اور اس غلامی پر فخر کرتے ہیں جیسا کہ ان کے کلام گلزارِ شمس میں موجود ہے ؏

شمسؒ غلام قنبرت، دَم بہ دَم علیؑ علیؑ

یعنی (اے مولا علیؑ) شمسؒ تو آپ کے قنبرؓ کا غلام ہے جس کے ہر ہر سانس کا وظیفہ علیؑ علیؑ ہے اور حضرت نظام الدین اولیاؒ نے حضرت علیؑ کی شان میں ایک قصیدہ کہا جس کا ایک شعر یہ ہے ؎

نظام الدین حیا دارد کہ گوید بندہ شاہم
ولیکن قنبرِ اُو را کمینہ یک گدا باشد

ترجمہ :۔ نظام الدین یہ کہنے سے حیا رکھتا ہے (یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا) کہ "میں شاہ (علیؑ) کا غلام ہوں" لیکن ان کے قنبرؓ کا کمینہ گدا (فقیر) ہے۔ (تجلی عرفان) اور سید نور الدین محمد شاہ نعمت اللہ کرمانی ولیؒ اپنے دیوان جلد اول صفحہ ۱۰۶ فن ادب مطبوعہ ۱۹۰۴ء میں منقبت حضرت علیؑ کے ذیل میں جناب قنبرؓ کے مرتبے اور منزلت کو یوں بیان کرتے ہیں۔

مسند نشین مجلس ملک ملائکہ
دو آرزوئے مرتبہ و جاہ قنبر است

(اے مولا علیؑ) فرشتوں کے سرگروہ (جبرئیل امینؑ) آپ کے غلام قنبرؓ کی منزلت اور مرتبے کے آرزو مند ہیں۔

اس قابلِ قدر ہستی کی شہادت کی خبر حضرت علیؑ نے پہلے ہی اپنے باوفا غلام جناب قنبرؓ کو دے دی تھی ملا عبدالرحمٰن جامی اپنی کتاب شواہد النبوۃ میں تحریر فرماتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک روز حجاج بن یوسف لعؒ نے اپنے خادموں سے کہا "میں چاہتا ہوں کہ اصحابِ علیؑ میں سے کسی کو گرفتار کروں اور اس کو قتل کرکے خدا کا قرب حاصل کروں۔" اس کے خادموں نے کہا کہ "حضرت علیؑ کا ساتھی قنبرؓ سے بڑھ کر اس وقت کوئی ہمیں معلوم نہیں۔" پس حجاج نے جناب قنبرؓ کو طلب کرکے ان سے کہا کہ "علیؑ کے دین و مذہب سے بیزاری و نفرت ظاہر کر۔" قنبرؓ نے کہا "مجھے بتا کہ علیؑ کے دین سے بہتر دین کون سا ہے؟ حجاج بولا۔ "میں تجھے ضرور قتل کروں گا۔ تو جس طرح سے قتل ہونا چاہتا ہے پسند کرلے۔" قنبرؓ نے کہا "جس طرح سے تو چاہے قتل کرلے مگر جس طرح سے آج تو مجھے قتل کرے گا اسی طرح سے کل (روزِ قیامت) میں تجھے قتل کروں گا۔ کیونکہ مجھے مخبرِ صادق وصی برحق علی ابن ابی طالبؑ نے پہلے ہی خبر دے دی تھی کہ تجھے ظالم حجاج ظلم سے قتل کرے گا۔" الغرض حجاج بن یوسف نے حضرت قنبرؓ کو ظلم سے شہید کر دیا۔

حضرت قنبرؓ شہید نے حجاج بن یوسف لعؒ جیسے سفاک دشمنِ اہلبیتؑ کے سامنے کلمۂ حق ادا کرکے بہترین جہاد کیا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا گئے کہ حضرت علیؑ آئندہ واقعات کے عالمِ ربانی ہیں اُن کے دین سے بہتر کوئی دین نہیں ہے کیونکہ وہ اللہ اور رسول اللہؐ کا دین ہے۔

اس مردِ مجاہد کی سوانح عمری لکھنے کا فخر لسان الملت مولانا سید آغا مہدی رضوی لکھنوی کو حاصل ہے اور مجھ حقیر کو بہ استمداد علویہؑ یہ سعادت نصیب ہوئی کہ اس عظیم المرتبت ہستی کی نورانی سوانح حیات کی اشاعت کروں دعاگو ہوں کہ مومنین ہمارے آقا اور حضرت علیؑ کے وفادار غلام جناب قنبرؓ رحمتہ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی سے استفادہ فرمائیں اور غلامی قنبرؓ ایسا شرف پائیں۔

دُعاگو { خادم جناب قنبرؓ
اکبر ابن حسن عفی عنہ }

یا فتّاحُ

ابتدائیہ

باسمہٖ سُبحانہٗ

توفیق ایزدی اور حیدر صفدرؑ کا اعجاز تھا کہ اُن کے صاحبِ طرز غلام قنبرؓ رحمتہ اللہ علیہ کے مختصر حالاتِ زندگی بھی کم از کم وقت میں تدوین پا گئے فالحمد للہ حمداً کثیراً آج سے بہت پہلے یہ ذخیرہ صفحۂ قرطاس پہ آ چکا تھا ترتیب و تشکیل کی ضرورت تھی جو مسبب الاسباب نے پوری کی۔ اس عبدِ خاص کے واقعاتِ زیست سُننے والوں کو ورطۂ حیرت میں ڈالتے ہیں اور حالات سے آگاہی حاصل کرنے والا جان لیتا ہے کہ وہ کبھی مہاجر، کبھی خادم، کبھی سفیر، کبھی علمدار، کبھی صیغۂ مال کے اعلیٰ نگران، کبھی شعلہ بیان مقرر، کبھی قیدی اور آخر میں ظالم دشمن کے ہاتھ سے ذبح ہو کر اپنے خونِ ناحق میں آغشتہ شہادت کا درجہ حاصل کرکے بل احیاءٌ کی منزل پر پہنچے مدینہ کی علم نواز ہواؤں نے اُن میں ادب حکمت فہم ادراک اور اللہ جانے کس کس خوبی کا ذوق رچا بسا دیا تھا۔ رجال نجاشی قدمار کا نسخہ ایک کتاب اخباری قنبرؓ کا ایک نام پایا جاتا ہے جو نوادر میں ہے اور نہیں کہا جاسکتا کہ کہاں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک روز حجاج بن یوسف لعین نے اپنے خادموں سے کہا "میں چاہتا ہوں کہ اصحابِ علیؑ میں سے کسی کو گرفتار کروں اور اس کو قتل کرکے خدا کا قرب حاصل کروں۔" اس کے خادموں نے کہا کہ "حضرت علیؑ کا ساتھی قنبرؓ سے بڑھ کر اس وقت کوئی ہمیں معلوم نہیں۔" پس حجاج نے جناب قنبرؓ کو طلب کرکے ان سے کہا کہ "علیؑ کے دین و مذہب سے بیزاری و نفرت ظاہر کر۔" قنبرؓ نے کہا "مجھے بتا کہ علیؑ کے دین سے بہتر دین کون سا ہے؟ حجاج بولا۔ "میں تجھے ضرور قتل کروں گا۔ تو جس طرح سے قتل ہونا چاہتا ہے پسند کرلے۔" قنبرؓ نے کہا "جس طرح سے تو چاہے قتل کر لے مگر جس طرح سے آج تو مجھے قتل کرے گا اسی طرح سے کل (روزِ قیامت) میں تجھے قتل کروں گا۔ کیونکہ مجھے مخبرِ صادقؑ وصی برحق علی ابن ابی طالبؑ نے پہلے ہی خبر دے دی تھی کہ تجھے ظالم حجاج ظلم سے قتل کرے گا۔" الغرض حجاج بن یوسف نے حضرت قنبرؓ کو ظلم سے شہید کر دیا۔

حضرت قنبرؓ شہید نے حجاج بن یوسف لعین جیسے سفاک دشمنِ اہلبیتؑ کے سامنے کلمۂ حق ادا کرکے بہترین جہاد کیا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا گئے کہ حضرت علیؑ آئندہ واقعات کے عالمِ ربانی ہیں اُن کے دین سے بہتر کوئی دین نہیں ہے کیونکہ وہ اللہ اور رسول اللہؐ کا دین ہے۔

اس مردِ مجاہد کی سوانح عمری لکھنے کا فخر لسان الملت مولانا سیّد آغا مہدی رضوی لکھنوی کو حاصل ہے اور مجھ حقیر کو باستمداد علویہؑ یہ سعادت نصیب ہوئی کہ اس عظیم المرتبت ہستی کی نورانی سوانح حیات کی اشاعت کروں دعا گو ہوں کہ مومنین ہمارے آقا اور حضرت علیؑ کے وفادار غلام جناب قنبر رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی سے استفادہ فرمائیں اور غلامی قنبرؓ ایسا شرف پائیں۔

دعا گو { خادم جناب قنبرؓ
اکبر ابن حسن عفی عنہ }

یافتاحُ

ابتدائیہ

باسمہٖ سبحانہٗ

توفیق ایزدی اور حیدر صفدرؑ کا اعجاز تھا کہ اُن کے صاحبِ طرز غلام قنبر رحمۃ اللہ علیہ کے مختصر حالاتِ زندگی بھی کم از کم وقت میں تدوین پا گئے فالحمد للہ حمداً کثیراً آج سے بہت پہلے یہ ذخیرۂ صفحۂ قرطاس پر آچکا تھا ترتیب و تشکیل کی ضرورت تھی جو مسبب الاسباب نے پوری کی۔ اس عبدِ خاص کے واقعاتِ زیست سُننے والوں کو ورطۂ حیرت میں ڈالتے ہیں اور حالات سے آگاہی حاصل کرنے والا جان لیتا ہے کہ وہ کبھی مہاجر، کبھی خادمؑ کبھی سفیر، کبھی علمدار، کبھی صیغۂ مال کے اعلیٰ نگران، کبھی شعلہ بیان مقرر، کبھی قیدی اور آخر میں ظالم دشمن کے ہاتھ سے ذبح ہو کر اپنے خونِ ناحق میں آغشتہ شہادت کا درجہ حاصل کرکے بل احیآءٌ کی منزل پر پہنچے مدینہ کی علم نواز ہواؤں نے اُن میں ادب حکمت فہم ادراک اور اللہ جانے کس کس خوبی کا ذوق رچا بسا دیا تھا۔ رجال نجاشی قدمار کا رشحہ ایک کتاب اخباری قنبر کا ایک نام پایا جاتا ہے جو نوادر میں ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ کہاں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سامنے ہو تو تکملہ آسان ہے مگر یاد رہے اپنے تصانیف میں کہاں کہاں قنبرؒ کا ذکر میرے قلم سے آیا ہے خصوصاً فوائح الجنان ابتدائی تصانیف میں، اس کا احصار میرے بس کی بات نہیں۔

حضرت قنبرؒ پر میں نے سب سے پہلے اپنے بڑے ماموں میر امجد علی صاحب مرحوم کو نوجوانی میں جوان کی ذاکری میں مدد دی تھی اس پر ان کا گرامی نامہ ۲۱ اپریل ۱۹۳۲ء کا لائبریری میں موجود ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں :-

سب خطوط اور عریضہ مجھ کو وصول ہوئے اور وہ بھی لفافہ ملا جس میں حضرت قنبرؒ وغیرہ کا حال لکھ کر روانہ کیا تھا۔ شاباش جزاک اللہ کی دعا لیں لیئے فقط مدظلہم کے حالات بھی تھے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ میری تمام ۲۳۸ تصانیف کل ۱۱۸ مقالات میں اولیت "حالات قنبرؒ" کو حاصل ہے۔ اس سے پہلے میں نے کچھ نہیں لکھا۔ ماموں جان مرحوم کے ہمعصر ذاکر مولوی سید ظفر عباس صاحب موجود ہیں جو مجھ سے سن و سال میں دو برس چھوٹے ہیں اور مرحوم کو "ننھے بھائی" کہتے ہیں بو تراب کا عزا خانہ اور مسجد انہیں کے مقدس فرزند مولانا سید محمد صاحب نجفی کے سپرد ہیں جو اس علاقہ میں گرانقدر خدمات انجام دے رہے ہیں اور عزیز ہیں۔

بہر حال ادارہ کے مالیات پر قبل ازیں جو ضرب پڑی میں سمجھتا ہوں کہ میرا یہ عزم بالجزم توفیق ایزدی اور تلافیٔ مافات پر اگر خدا مکمل کرا دے۔

قنبر زادہ اس عنوان پر نظر کے بعد ناظرین سمجھیں گے کہ اب جس کی زندگانی پر قلم اٹھایا ہے اس کی آل اولاد پر بحث ہوگی، ایسا نہیں ہے۔ الحسینؑ کا دوسرا ایڈیشن جو زیادہ سے زیادہ مقبول ہوا اس میں فرمائش کے خطوط میں ایک نامۂ فیض شمامہ تھا جس میں خاتمۂ تحریر پر ثبت تھا "احقر العباد علیم دہلوی قنبر زادہ"۔ اس اظہار عقیدت کو دیکھ کر میں پھڑک گیا اور شوقِ مطالعہ دیکھ کر دعائیں دیں اور دریافت کیا کہ کتاب پہنچ گئی۔ یہ سچی محبت

کا ایک کرشمہ تھا جو ظاہر ہوا اگر کتاب کے ایسے پڑھنے والے ہوں تو مصنفین کو اپنی ریاضت کا پھل مل جاتا ہے اور قابل تبریک ہیں وہ اہل قلم جن کی صحیح ترجمانی اور ٹھوس تحریر ہو، معلومات کا خزانہ ہو ہم اسی کو کتاب کہیں گے وہ جو لکھے حوالوں کے ساتھ ہو۔ رجال کشیؒ عربی کی مشہور کتاب کا یہ افادہ بھی حسنِ اتفاق سے حال میں سامنے آیا کہ سالق کے علماء اس موضوع پر کلام کر چکے ہیں اور کتاب اخبار قنبرؒ کا وجود تھا۔ الواعظ جون ۱۹۵۰ء مطابق ماہ رمضان ۱۳۶۹ھ میں بھی اس علمی جریدہ کے باب السیر میں صفحہ ۱۰ پر "حضرت قنبرؒ اور امیر المومنین علیہ السلام" موجود ہے جس میں پہلے ایڈیشن کا خاکہ آخر تک نظر آتا ہے۔ اس اشاعت سے یہ معلوم ہوا کہ لندن کے برٹش میوزیم میں ایک کتاب نشر اللئالی شرح مدلی الامانی موجود ہے جو ۱۱۰۹ھ میں آج سے دو سو سات برس پہلے کی تصنیف ہے اس میں قنبرؒ کے حالات ہیں اور مصر کے کتبخانہ میں بھی ان کے واقعاتِ زندگی پائے جاتے ہیں۔ جس کی طرف تعصب کے جذبہ میں غیر شیعہ اہل قلم نے معمولی لفظیں لکھی ہیں۔

یہ تھی فہرست ان کتابوں کی جو حالات کا ماخذ ہیں۔ مگر یہ آسمان کے تارے کون پا سکتا ہے لہٰذا جتنا احوال دریافت ہو سکتا تھا وہ حاضر ہے۔

ادبیات میں چودہ ۱۴ شعر طبع اول میں پیش کئے تھے۔ اٹھارہ ۱۸ شعرا اساتذہ کے اب ملاحظہ ہوں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ جمعیت خدام عزا کی یہ پیشکش جس نے پڑھ لی وہ بتیس ۳۲ اساتذہ کو یاد کرنے کا شرف حاصل کر چکا ہے۔

دعا گو

آغا مہدی رضوی لکھنوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غلامی

اسلام نے دامنِ انسانیت سے غلامی کے بدنما داغ کو جس کروکاوش سے دُور کیا ہے اس کی مثال دنیا کے کسی دستور میں نہیں۔ وہ فرزندِ آدمؑ ہوتے ہوئے معاشرہ میں جگہ پانے کا حقدار نہ تھا۔ دسترخوان پر اس کے آنے کا حکم نہیں، شادی بیاہ میں رشتہ تزویج سے وہ محروم، مجلسِ مشاورت میں اس کو رائے دینے کا کوئی حق نہیں قوم کی امارت اور راہنمائی کے لائق نہیں اسے پہلو میں جگہ نہ دو، زر خرید ہونے کی وجہ سے وہ دوسری خرید کردہ اشیاء کی طرح ملکیت میں ہے طاقتور طبقہ کمزور پر حکومت کر کے اس کی آزادی چھین لیتے ہیں۔ ہمیشہ سے دستِ ظلم دراز ہوتا ہے اور قوت دار کے سامنے ضعیف غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور تھا تجارت کا بڑا وسیع میدان تھا زمرد کی کان، عقیق کا معدن، جواہر کی چمک خرید و فروخت کرنے والے کو اپنی طرف کھینچتی تھی۔ نباتات میں پھل اور میوے اپنی خوشبو سے دعوت دیتے تھے کہ شجر سے ثمر خدا نے توڑنے کے لیے خلق کیا ہے۔ سواری کے کام میں لائے جانے والے چوپائے، قاطر، گھوڑا، شتر، فیل، اونٹ سے لے کر بڑی قیمت پر فروخت ہو سکتے ہیں مگر ظالم انسان نے سینکڑوں چیزوں کو چھوڑ کر بردہ فروشی اختیار کی اور ایک وقت وہ تھا کہ لونڈی غلاموں کے بازار تھے۔ سلاطین کی توجہ نہ تھی کہ یہ کاروبار ممنوع قرار دیا جائے اسلام نے حریت نوازی سے ننگِ انسانیت روزگار کو ممنوع قرار دیا۔ چنانچہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ کسی شخص نے خدمتِ رسولؐ میں پہنچ کر عرض کیا کہ میں نے اپنے

لڑکے کو کتابت سکھا دی ہے اب اور کیا تعلیم دوں فرمایا پانچ کاموں کے سوا جو چاہو سکھاؤ (۱) کفن بیچنا (۲) زرگری (۳) قصاب ہونا (۴) گیہوں (گندم) بیچنا (۵) بردہ فروشی کرنا۔ پھر فرمایا کہ کفن فروش چاہتا ہے کہ مرنے والوں کی تعداد زیادہ ہو حالانکہ مجھے ایک پیدا شدہ بچّہ اپنی امت کا ساری دنیا سے عزیز ہے۔ اب رہی زرگری تو وہ بھی اپنے کاروبار میں لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے اور قصائی کے دل میں رحم نہیں اور گیہوں فروش غلّہ کو روک رکھتا ہے جو چوری سے زیادہ بد ہے اور بدترین امت وہ ہے جو آدمیوں کو بیچتا ہے (خصال ابن بابویہ جلد ا) اسلام کے اس قانون کا منشا یہ ہوا کہ جب سے سرکارِ دوعالمؐ کا فرمان صادر ہوا بردہ فروشی ناروا اور لونڈی غلام بیچنے والا بدترین مردم لیکن جو کنیزیں اور غلام امراء کے گھر میں موجود ہیں ان کی آزادی کا کیا عنوان ہے اس کو الفاظ بدل بدل کے سمجھایا مثلاً ماہِ رمضان میں وقت افطار فقیر کو روٹی دینا اولادِ اسمٰعیلؑ کے غلام کو آزاد کرنے کے برابر ہے کہ اس قسم کی احادیث سے غلام آزاد کرنے کے رجحانات پیدا ہوں اور پھر صراحت کے ساتھ آئینِ شرع کی خلاف ورزی میں کفارہ کی بحث اور دیت کے موقع پر غلام آزاد کرنا قانونِ شرع قرار دیا۔ بدسرشت انسان اور ناعاقبت اندیش امت میں جہاں سب کے سب پابندِ حکم نہ تھے بردہ فروشی جاری رہی اور کبھی بند نہیں ہوئی۔ اسلام کے اس خصوصی حکم کو جب یورپین حکومتوں نے اپنایا تو انگریزی حکومت میں بھی بردہ فروشی رہی اور یہ قبیح تجارت اب بھی ہے سب سے زیادہ افسوس کا وہ مقام تھا کہ یہ بد بخت طبقہ حضرت یوسفؑ نبی زادہ کو فروخت کرنے میں کامیاب ہوا مگر ان کے کمالات فروخت نہ ہوئے۔ جمالِ عصمت بڑھتا گیا۔ یہ وہ قرآنی خبر تھی کہ آئمہ طاہرین علیہم السلام میں بعض کا کنیز ہوتا مقتضی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ تھا کہ وہ عام کنیزوں میں محسوب ہوں۔ ظالم کی تدبیر نے فرزند یعقوبؑ کو جب غلام بنالیا تو یہ محترم خواتین جو کسی رویائے صادقہ اور بشارت کے بعد آئیں پست طبقہ سے نہ تھیں۔ ع

ہزار بار جو یوسفؑ بکے غلام نہیں

نبوت کا تجزیہ کیا جائے تو خواب ۱/۴۶ درجہ رکھتا ہے۔ لہٰذا آنے والی خواتین جو بردہ فروش کے ہاتھ سے فروخت ہوئیں زیورِ کمال سے آراستہ عورتیں تھیں جن کے امامت کے گھر میں پہنچنے کا حیلہ غلامی تھا۔

مجھے کافی صدمہ پہنچا ان لوگوں سے جو حضرت زید بن علی بن الحسینؑ کی سوانح سپردِ قلم کرتے ہوئے امام زادہ کے نسب پر ان کے دشمن کی چوٹ کے جواب میں کہ وہ کنیز زادہ ہیں اس شبہ کو اتنی مرتبہ اٹھایا ہے کہ زیدی سادات عام نگاہ میں تہمت کے جامہ زیب ہو کر رہ جاتے ہیں۔ حالانکہ ہاجرہ دخترِ شاہ تھیں (دیکھو کنز المعرفہ مصنفہ حکیم امجد علی ص۷) دشمنِ اسلام انگریز نے رسولِ عربیؐ کا مرتبہ گھٹانے کے لئے اور عیسیٰؑ کی برتری پر یہ بہتان تراشا مرد کی عظمت یہ ہے کہ رشتۂ تزویج میں کوشش کرنے والے یہ کہتے ہیں کہ کنیزی میں قبول کیجئے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ حقیقتاً لونڈی ہے۔ ادب یافتہ خواتین بزرگانِ دین کی عرضداشت میں لکھتی ہیں "راقمہ آپ کی کنیز" تو مکتوب الیہ کی وہ واقعی لونڈی نہیں ہے۔ عظمتِ ابراہیمؑ کے سامنے ہاجرہؑ کی یہی شان تھی بلالؓ اور سلمانؓ اگر کسی اچھوت طبقہ سے ہوتے تو ان کا یہ روشن مستقبل ہرگز ان کو پست کھینے کے لئے تیار نہ تھا۔ غلامی اگر عیب تھا تو مسجد کا موذن ایسا شخص قرار نہ پاتا اور سلمانؓ اہل بیت میں شامل نہ ہوتے۔ قرآن میں خلاق عالم نے غلام کی یہ عزت کی ہے کہ لقمان حکیم حبشی غلام تھے (دیکھو عرائس التیجان ثعلبی ص۲۱۹)

ان کا پورا سورہ کتاب خدا میں موجود ہے۔ اس سلسلہ میں مجھے مولوی مناظر احسن گیلانی کا ایک اخبار میں یہ قول بہت پسند آیا کہ کنیز اور غلام وہ ہے جو مشرکین سے جنگ میں فتحیابی پر گرفتار ہو۔ اس رائے میں بھی یہ ترمیم کی جاسکتی ہے کہ دخترِ حاتم لونڈی نہ تھی۔ خیبر میں صفیہ کنیز سہی مگر مسلمانوں میں اس کا کوئی کفو نہ تھا بجز آقائے دوجہاںؐ کے۔ لونڈی اور غلام کو اسلام نے احساسِ کمتری سے بہت دور کیا ہے اور جو رویہ اختیار کیا وہ مساوات تھی۔ آنحضرتؐ نے قول اور فعل سے غلامی کی زنجیروں کو توڑا اور سب کو ایک پرچم کے نیچے جگہ دی۔ دعاؤں میں جو صحیفۂ آسمانی کا درجہ رکھتی ہیں۔ ہر عبادت گذار کہتا ہے "انت المالك و انا المملوك" (پالنے والے) تو مالک ہے اور میں مملوک ہوں"۔ یہ سب مجاز ہیں جس سے کلام عرب بھرا پڑا ہے۔

"اسلام اور اس کے راہنما" کے فاضل مصنف سید حسین نے بائبل کی روشنی میں بتایا ہے کہ ہاجرہ بادشاہ مصر رقیون کی بیٹی تھیں جس کا لقب طوطیس تھا خلیل اللہؑ اور وہ ایک دیس کے سپوت تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنابِ قنبرؓ

نام بچہ کا نام رکھنے میں جو رواج مشرقی دنیا میں چلا آتا تھا وہ جناب والا نے ہلال بن نافعؓ کی حیات میں پڑھا۔ اس سلسلہ میں مزید گذارش یہ ہے کہ حضرتِ انسان سب مخلوق سے برتر ہوتے ہوئے اپنی بلند پروازی میں بزعم خود کبھی بلند ہوتے کبھی گرتے اور نام رکھنے میں اُن کے خیالات بڑے وسیع تھے۔ مثال کے طور پر تاجدارانِ فارس میں باپ کا نام ہرمز جو مشتری JUPITER جیوپیٹر ستارہ کو کہتے ہیں بہت اونچا اور بقول لے زمین سے ۳۸ کروڑ میل دُور اور بیٹے کا نام ہوا پرویز جس کے معنی مچھلی کے ہیں، کجا وہ رفعت کجا یہ بحرِ طبع کی پستی اور روانی برصغیر ہند میں بابر کی آل ہوئی وہی نسلیں وہی تخیلات وہاں کے سلاطین نے کیوں جاہ ثریا قدر وغیرہ نام رکھنا شروع کیا اس اختیار میں دل کی آرزو شریک تھی کہ بچہ بلند اقبال آسمان جاہ ہو۔ مگر عرب میں عورتوں کا نام فاختہ ماریہ[1]، عنیزہ[2]، محبوبہ، امرأ القیس ہونا بھی قبیح نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اور یہ چلن بہت پرانا ہزاروں برس پہلے کا نہیں بلکہ بعد میں بھی کم از کم طبقہ اثنا عشریہ میں سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ کی ذات سورج سے زیادہ چمکتی ہے ذوق عرب یقیناً بہت بلند تھا اور وہ نام میں خصوصیات کو سامنے رکھتے تھے۔ چنانچہ وہاں کے پرندوں میں قُنبرہؓ ایک خوبصورت چڑیا ہے جو ہُدہُد جیسی پیاری ہوتی تھی قنبرؓ کا نام اس سے ماخوذ ہے اس طائر کو انگریزی، فارسی میں کیا کہتے ہیں یہ سب میں اپنی عظیم کتاب تذکرۃ الحیوان میں لکھ چکا ہوں۔ دوہرانے میں طول کا ڈر ہے۔ مختصر حال یہ ہے کہ آواز سریلی اور سر پر تاج وسائل الشیعہ اور دوسری حدیثوں اور امام مظلومؑ کے واقعات

---

[1] مارماہی [2] بکری

میں اس کا ذکر ہے اور اُن چڑیوں میں قرار دیا ہے جو وحدانیتِ خدا کے ساتھ ادیانِ ملت کی مطیع و منقاد ہیں۔ اگر وہ حالات صحیح ہیں جو قنبرؓ کے آغاز میں کتب فضائل میں محفوظ ہیں تو یقیناً یہ نام حضرت امیرالمومنین علی بن ابیطالبؑ کا رکھا ہوا ہے۔ اور انسان کے نام اُس کے حالات کی تبدیلی کے ساتھ بدلا کرتے ہیں۔ کوئی غیر مسلم پرچم اسلام کے نیچے آیا۔ پہلا نام بدل کر اسلامی نام رکھا گیا۔ بردہ فروش کے ہاتھ سے کسی بدنصیب کا فروخت ہونا اور مالک کے گھر پہنچ کر کسی خوشی کا ظہور کنیز کو مبارک قدم نام دیتا۔ قنبر کے ابجد کے حساب سے ۳۵۲ عدد ہیں اور اسماء الٰہی میں ایک نام اُن کا ہم عدد نہیں بلکہ دو نام کامل (۹۱) اور مالکُ (۲۶۱) = ۳۵۲ قرار پاتے ہیں۔ بہرحال قنبر نام قرار دینے میں یہ واضح ترین اشارہ ہے کہ وہ خوش کردار، خوش گفتار اور مولاؑ کی غلامی سے اُن کے سرِ عزت پہ وہ تاج ہے جو قیصر و کسریٰ کو نصیب نہیں۔ علم رجال میں راوی ہوں یا اہلِ قلم سب کا رویہ ہے کہ وہ جس کا ذکر کرتے ہیں اس کے باپ اور قبیلہ کا نام ضرور لیا جاتا ہے۔ جہاں بھی قنبرؓ کا ذکر ہے راوی خاموش ہے اس سے بھی اندازہ ہے کہ وہ عرب نژاد نہ تھے اور ان کا نام لینے والے دونوں باتوں سے بے خبر ہیں۔

محمدؐ و آلِ محمدؐ کے نام لیوا تبرکاً اپنے بچوں کا نام قنبر علی، قنبر بیگ، غلام قنبر رکھتے ہیں اور علم الرجال کے راویوں میں ائمہ طاہرینؑ سے احادیث نقل کرنے والوں میں ابو محمد اسمٰعیل بن محمد بن اسمٰعیل بن ہلال مخزومی مکّی کا لقب قنبرہ تھا جن کو ثقہ قرار دیا ہے۔ قنبرؓ کی شخصیت ایسی باوقار ہے کہ مدح خواں کسی طرح نام نہیں بھولتا ہے

فغفور دربان درش قیصر غلام قنبرش
خاقان کمینہ چاکرش باحشمتش قارون گدا
(حافظ)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تحقیق لفظِ قنبر

آپ پڑھ چکے ہیں کہ قنبر ایک پرندہ کا نام ہے جس کو عربی میں قنبرہ کہتے ہیں اور فارسی میں چکاوک اور اردو میں چنڈول انگریزی میں Skylark کہتے ہیں اور علامہ مجلسیؒ کی تحقیق ہے کہ فارسی میں اس کو ہوچہ کہتے ہیں۔ اس اختلاف کو تذکرۃ الحیوان میں دیکھو شوق قدوائی کا اردو نام پر یہ شعر ہے:۔ ؎

مینا کہیں غل مچا رہی ہے   بلبل کہیں میٹھی گا رہی ہے
شاما کی صدا سے روح بےچین   چنڈول جو بولے دل نہ بےچین

میری صحبت کے انگریزی دان ماسٹر سید منور حسین پسر سید فدا حسین صاحب مرحوم نے عربی سفرنامہ کی ڈکشنری سے کامل تحقیق کے بعد انگریزی لفظ بتایا تھا۔ ماسٹر صاحب جوبلی کالج لکھنؤ کے تعلیم یافتہ اور والد ان کے پرانی طرز کے ذاکر حسین جن کی مجلسوں پر میری اصلاح تھی اور اپنے وطن اعظم گڑھ سے ہجرت کے خطرات میں وطن چھوڑنے پر کچھ باقی نہ رہا اور لاہور کے قیام میں وہ محبت اہل بیتؑ کے جرم میں قتل ہوئے اور اولاد قاتل بد سے انتقام بھی نہ لے سکی اور یہ قربانی شہید کربلا کے وصف فالی الوتر الموتور کی یاد تازہ کرتی ہے۔

الحاصل یہ طائر وہ پرندہ ہے جو عرب، عجم اور بھارت میں پایا جاتا ہے اس کی خاص صفت خوش الحان ہونا بھی ہے اور علم الحیوان کے ماہر کہتے ہیں کہ وہ ایسی ہوشیار چڑیا ہے جو آسانی سے شکار نہیں ہوتی اور سر کا تاج انبیاء کرامؑ کی بزم میں رسوخ کی دلیل ہے جو ہُدہُد کو حضرت سلیمانؑ کی ہوائی ڈاک پہنچانے میں عطا ہوا وہ حدیث طویل جس میں امام حسین علیہ السلام نے جانوروں کی بولیاں اپنے اصحاب کو سنائی ہیں اس میں قنبرہ کی صدا پر وہ جو عربی آواز دیتا ہے اس کے معنے یہ ہیں اے میرے خدا ہر گناہگار کی توبہ کو قبول کر۔

جانور جبکہ انسانوں کی پہنچائی ہوئی روزی سے پرورش پاتے ہیں اگر دعا کریں تو برمحل ہے۔ اس تمہید کے بعد آپ پرندہ کی تصویر دیکھیں جو علم الحیوان کی کتابوں میں موجود ہے۔



آغازِ حیات

سرنامۂ سخن میں بڑی اہم بحث یہ ہے کہ قنبرؓ صحابی رسولؐ تھے یا تابعی ہر خصوصیت کے ثبوت میں اس کثرت سے واقعات ہیں کہ کسی ایک کو اختیار کر کے دوسرے سے انکار کی جرأت نہیں ہوتی عہد حضرت سرور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ان کا وجود مولوی مرزا باقر علی مرحوم دہلوی نے ذریعۃ النجاح کے حوالہ سے جو طولانی معجزہ اپنی کتاب فضائل مرتضوی ص۲۵۶ مطبع ممتاز المطابع دہلی میں نقل کیا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ فتح خیبر کے بعد قنبرؓ کا بحکم امامؑ خوبصورت ہرن کے تعاقب میں دوڑ۔ ناکامی پر مشکلات میں پھنسنا پھر باعجاز وہاں مولا کا ورود اور تن تنہا غشقام خیبری کو قتل کرنا، اس کے اموال و زر کو اونٹوں پر بار کر کے مدینہ لانا اس سرگذشت کو صحیح سمجھا جائے تو وہ صحابی تھے اسی طرح قنبرؓ کی وجہ تسمیہ پر کتاب مذکور میں جو بیان ہے وہ بھی اسی قماش کا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور چھبیسویں معجزہ کی تفصیل دیکھنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ قنبرؓ اشکبوس فرمانروائے حبش کے بھتیجہ اور رفتاح نام تھا۔ ذاتیات کی تحت میں آقائے کونینؐ سے مقابلہ ہوا۔ مغلوب ہونے پر اسلام لائے اور عقیدت کی یہ فراوانی ہوئی کہ غلامی میں قبول کرنے کی خواہش کی۔ اس شرط سے کہ کبھی جدا نہ ہوں گا۔ قدر افزا ذات نے خواہش منظور کی اور رفتاح کا نام قنبر رکھا (ملاحظہ ہو صـ ۲۲۴ ب ۳)

امکانات میں بڑی وسعت ہے اور حملۂ حیدری کے شعر میری نظر میں اس نثر سے زیادہ ذمہ دارانہ کلام ہے۔ سورۂ ہل اتیٰ نازل ہونے والی ہے اہلبیتؑ نے روزے رکھے ؎

چوں زھراؑ بدید آنکہ شیرِ خداؑ[1]   پسندید بر خویش محتاج را
فرستاد او تیر آں قرص نان   کہ بد حصّہ اش بر آں ناتوان
حسینؑ و حسنؑ نیز با ضعفِ تپ   گردید تبعیت ام و اب
دگر قنبرؓ و فضہؓ ہم چنان   شد آں پیر را دامن ایمان نان

قنبرؓ کے لئے یہ شرف کافی ہے کہ خاتون جنتؑ کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں ان کے دسترخوان کی زینت ہیں دروازہ پر مسکین و یتیم و اسیر کا آنا تھا کوکب بخت کی تابندگی اور بڑھ گئی۔ اب قیامت تک ان کا ایثار فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ بعض لوگوں کا گمان ہے کہ قنبرؓ پیغمبر خداؐ کے غلام تھے۔ اگر اس راہ سے نہ دیکھا جائے کہ ہر مسلمان رسولؐ کا غلام ہے تو یہ رائے صحیح نہیں ہے۔ خواجہ امام الدین سمرقندی کا بیان ہے کہ رقعات مرزا قتیل میں ان کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ اور زبان ترکی میں نعت کا فریضہ ادا کرتے ہوئے[2] رقمطراز ہیں :-

"اے چوں معراج کیچدہ فرق بولدی وکنہ کنہ باغی لادتی نخوت بو قدریدین خجالت

۱؎ حملۂ حیدری ۲؎ معدن الفوائد صـ ۶

سائے اے چندہ غرق بولدانی براق آت اور دابی قنبر قول ابیرور" (ترجمہ) "اس کے واسطے معراج کی رات میں پارہ ہوئیں اور بڑے بڑے باغیوں کی نخوت اس کی قدر سے خجالت کے دریا میں غرق ہوئی براق[1] اس کا گھوڑا ہے اور قنبرؓ غلام ہے۔"

وطن

وہ ثبوت تو قنبرؓ کی صحابی رسولؐ ہونے کے تھے مگر کیا کیا جائے کہ آیۃ اللہ قاضی نور اللہ شوشتری شہید ثالث علیہ الرحمہ قنبرؓ کو تابعین میں شمار کرتے ہیں تابعین اصطلاح محدثین میں[2] وہ مسلمان ہیں جنہوں نے اصحاب رسولؐ سے ایک یا کئی مرتبہ ملاقات کی ہو اور تبع تابعین وہ ہیں جنہوں نے تابعین سے ملاقات کی۔ دو صورتیں ہیں یا تو قاضی صاحب کے سامنے پردیس میں مجالس المومنین لکھتے وقت یہ واقعات نہ تھے یا وہ ذاتی طور پر قنبرؓ کو تابعی سمجھتے ہوں بہر حال مجالس المومنین میں ان کا حال تابعین کی فہرست میں ہے۔

وہ نظریہ جو اس خادم دین نے سلسلۂ ائمۂ طاہرین علیہم السلام کی سوانح حیات "الزہراؑ" میں سب سے پہلے مصری مطبوعات اور یورپین مفکرین کی ہمنوائی سے پیش کیا فضہؑ کا رفیق سفر ہونے کے لحاظ سے بھی قنبرؓ کو اصحاب میں شمار کرتا ہے جس کو اس جگہ دہرانا وضاحت کے ساتھ ضروری ہے۔

نہیں کہا جا سکتا کہ قنبرؓ اور فضہؑ دونوں آپس میں کوئی قریبی ربط رکھتے ہیں یا ایک دیس کے سپوت تھے۔ ایک نسل کے دو مرد اور عورت[3] واقعات میں ان سوالات کے جواب مشکل سے ملتے ہیں۔ اور پھر بڑی زحمت یہ ہے کہ اختلاف سے کوئی بیان خالی نہیں۔ ناظر بصیر اجتہاد کرتا ہے تو راہنمائی ہوتی ہے۔ کچھ تو دونوں کو حبش[4] کا باشندہ بتاتے ہیں۔ تفصیل عرض کر چکا۔ حافظ رجب برسیؒ

۱؎ تفصیل میری کتاب براق نبوی میں ملاحظہ فرمائیں۔ ۲؎ لغات کشوری
۳؎ الزہراؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضہؑ کو ہندوستان کی شہزادی کہتے ہیں اور دوسرے علماء اہل سنت کا اس کی تائید کے ساتھ رجحان ہے کہ وہ دونوں بھائی بہن تھے۔ امکان میں تو کوئی مانع نہیں ہوسکتا کہ دونوں ایک صلب سے ہوں۔ یہ تخیل فہرست مکتبہ مصر کی چوتھی جلد طبع ۱۹۲۹ء کی ایک کتاب کا نام دیکھنے سے پیدا ہوتا ہے جس کا نام[1] قصة المیمون و القنبرؑ کتاب عربی زبان میں علامہ ادیب شیخ احمد درویش کا منظومہ ہے جو قاہرہ میں طبع ہو چکا ہے اور اس کی پہلی سطر یہ ہے بند ہو باسم الالٰہ من بالھدیٰ ھادی محمد البدر حتی بالھدیٰ ھادی اس منظومہ کے الحاقی صفحات میں حضرت علیؑ کے راہوار میمون کی وفا کا ذکر ہے جو ان کو ہندوستان کے شہروں سے لے آیا۔

فہرست کا جامع غیر شیعہ متعصب انسان ہے اس نے فہرست مذکور میں اس اعجاز کا مضحکہ اڑایا ہے جس کا اس کو حق نہ تھا۔ دشمن کے اس قسم کے انکار و تضحیک کی فہرست اگر پیش کروں تو طول ہو جائے گا شاید ہی کوئی فضیلت آلِ محمدؐ کی ایسی ہو جس کو غیر نے ٹھنڈے دل سے قبول کیا ہو بالکل اس مدعی علیہ کا حال ہے جو جواب دعویٰ میں ہر امر سے انکار کرتا ہے اور چاہ کن را چاہ در پیش پر اس کا ایمان نہیں جس نے باعجاز قنبرؓ کی آمد کو نظم کیا اس کو فہرست کا جامع خود علامہ اور ادیب لکھتا ہے لہٰذا ایک گمنام لائبریرین داروغہ کتب خانہ کا انکار دشمنی اہلبیت پر محمول ہوگا۔ لندن کے عجائب خانہ میں جو کتابیں دنیا کے بہترین تحائف سمجھ کر محفوظ کی گئی ہیں ان میں بھی ایک کتاب ہے جس کا تعارف فاضل جامع ایف میڈن F.MADAN نے دیانت کے ساتھ ان لفظوں میں کیا ہے۔

[1] فہرست مصر کے اصل الفاظ یہ ہیں و یلیھا قصة القنبر علی و سبب مجیئه من بلاد الھند لسیاسته المیمون المتقدم۔

قصة المیمون و ما جری للامام علی و الامام عمر مع T.I.O.T الملك نا محه بن سکران۔ " میمون کا قصہ اور امام علی اور امام عمر کے بارے میں ان کے القاب کے ساتھ زمعہ ابن سکران بادشاہ کے ساتھ جو کچھ ہوا" وہ نواصب کی تنگ نظری اور یورپین مصنف کی وسعت خیالی ہے کہ فہرست مذکور کے صفحہ ۵۵ پر نقل کی اس بنا پر مولا کی لونڈی اور غلام کا حبشی ہونا مشکوک ہو جاتا ہے۔ اب ہم دو صورتیں ان کے مدینہ طیبہ پہنچنے کی پیش کرتے ہیں۔ اگر وہ قدیم ہندوستان سے چلے تو عہد رسالت کی تو تاریخ ہند ہمارے سامنے نہیں۔ ماضی بعید میں سندھ کا علاقہ ملتان تک تھا لہٰذا قنبرؓ اور فضہ رضہ انڈین تھے تو اب نقشہ ملاحظہ کیجئے ان کا پیدل یا اس زمانہ میں جو سواری ہو تانہ الاغ وغیرہ سوار ہو کر آنا کتنا بڑا سفر ہے۔ نقشہ میں آپ حبش کو بھی دیکھیں دونوں صورتوں میں ریگستان اور سمندر کا سامنا ہوا ہوگا۔ ادھر بحر عرب اور خلیج فارس ادھر بحر احمر پہلی راہ طویل دوسری نسبتاً قریب۔ یہ دونوں صورتیں آج ۱۳۹۲ھ میں اگر واقعہ خیبر کے بعد آمد تسلیم کی جاتی ہے تو ۶ ہجری کو کم کرنے پر تیرہ سو ستاسی سال ہوتے ہیں۔ اب ناظرین فیصلہ کریں کہ اس زمانہ دراز کے واقعہ پر کسی ایک خبر کو صحیح اور دوسری کو غلط قرار دینا کتنا مشکل امر ہے۔ سلمانؓ کو قریبی مقام دشت ارژن سے آنے میں شیر کا سامنا ہوا جو قریب قریب متواتر خبر ہے لہٰذا ان دو آنے والوں کے لئے اگر معجزہ سے طیٔ ارض ہو تو داروغہ کتب خانہ کے دل میں درد کیوں ہے؟

قنبرؓ پر مصر میں دو کتابیں ہیں اور جامع فہرست نے انڈیا سے ان کی آمد کا صفحہ ۹۴ پر ذکر کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قصۃ المیمون

اس عنوان کے تحت میں طائرانہ نظر سے جو کچھ دریافت ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے استعمال میں بھی یمن و برکت اُس محل پر کہا جاتا ہے جب کسی کی آمد مبارک ہو اور الفاظ دونوں مرادف ہیں کلام عرب میں میمون بھی انہیں معانی میں آیا ہے اسم مفعول ہے اور محاورات میں ہو میمون الطائر اس وقت کہتے ہیں جس کا دیدار مبارک ثابت ہوا ہو اور مسافر کو وداع کرتے وقت محاورہ عرب ہے سر علی الطائر المیمون یہ دعائیہ فقرہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ سواری میں کوئی تکلیف نہ پہنچے مثلاً راہوار سے گر پڑنا اور آج کل کے خطرات میں تصادم سے محفوظ رہنا ہے۔ یعنے سفر بخیر و بخوبی ختم ہو وہ اردو زبان ہماری جو کئی زبانوں سے مشتق اور مجموعہ و مرکب ہے اس کے روزمرّہ میں جلد باز کو کہتے ہیں کہ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہے یہ صفت دنیا کے کسی گھوڑے میں تو نہیں دیکھی امام اہل سنّت ابو اسحاق ثعلبی نے حضرت آدمؑ کی تخلیق کے بعد ان کے دنیا میں آنے سے پہلے کے حالات میں لکھا ہے کہ ان کو فرشتوں نے جس گھوڑے پر سوار کر کے ساتوں آسمانوں کا طواف کرایا تھا اس کا نام میمون تھا۔ اس سیاحت کا ہم رسالہ براق نبوی طبع کراچی میں تفصیل سے ذکر کر چکے ہیں اور اپنی جگہ اسلامی نقطہ نگاہ سے ثابت ہے کہ براق نبویؐ کے سوا کائنات میں براق صفت ایک دوسرا راہوار بھی موجود ہے جس کو قوتِ پرواز کا مالک ہم کہہ نہیں۔

نہ طی ارض کی خصوصیت کا وہ جامہ زیب ہو سکتا ہے کہ اپنے سواری کو ہند سے عرب یا حبش سے مدینہ پہنچا دے اور سرگذشت کا راوی مضحکہ کے لائق نہیں بلکہ استہزاءِ اسلامی لٹریچر سے بے خبر ہونے کا کھلا ہوا ثبوت ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حلیہ اور سراپا کمالات

ہمیں اس سے بحث نہیں کہ وہ حبش کے تھے تو سیاہ فام تھے اور خبدی نژاد تھے تو گورے چٹے حسین ہوں۔ ہم تو دل کا نور دیکھتے ہیں اور قرآن حکیم کی آواز قیامت کے دن بداعمال کے چہرے سیاہ ہوں گے خوبصورتی عارضی شے ہے جو وہاں خوش رو ہے وہ قابلِ عزت ہے لیکن واقعات دیکھنے سے اس نتیجہ تک بڑی آسانی سے پہنچا جا سکتا ہے کہ قنبرؓ عقلمند اور دانشمند صورت و سیرت دونوں میں ممتاز تھے علم حلم، شجاعت و بہادری، فصاحت و بلاغت، جود و سخا، صابر، مستقل مزاج، ارادے کے مضبوط اور بامروت تھے۔ کمال ایمان میں اُن کا نظیر نہ تھا۔ یہ اوصاف تو ہر انسان میں پائے جاتے ہیں اور اخیار جمیل صفتوں سے آراستہ ہوتے ہیں۔ ہر عہد میں اس کی مثالیں ہیں اور ہوتی رہیں گی مگر قنبرؓ میں صفاتِ انبیاء تھے روحانیت سے قریب اور مادیت سے اتنا دور کہ اُن سے وہ امور سرزد ہوئے جو معصومین کا کردار ہو سکتے ہیں۔

وہ سیرت نگار جب پیغمبرؐ کو ان پڑھ اور اُمّی کہتے ہیں وہ اس گھرانے کے لونڈی غلاموں کو تو نوشت و خواند سے معرّا سمجھتے ہوں گے اور خادم اور خادمہ اگر پڑھے لکھے نہ ہوں تو تعجب نہیں قنبرؓ کے علوم کا ایک نمونہ ملاحظہ فرمائیں:-

مولاؑ کا خط قنبرؓ کے نام

اقتباس الانوار کے فاضل[1] مصنّف بغیر کسی ذیل کے اپنے مکتبہ کے مجامیع اور مخطوطات کے ماخذ سے لکھتے ہیں یہ وہ جواہر پارے اور علمی خزانے تھے جو بجارت میں رہ گئے۔

ولہ علیہ السلام یا قنبرا الامس لی صرت الیوم مثلی، و هبتك لمن وهبك لی کتبه علی۔ دل چاہتا ہے ترجمہ کروں اصل کو اردو

[1] اقتباس الانوار کشکول نواب صاحب کانپور صفحہ ٣٠

میں ڈھالنے پر نہ وہ بلاغت رہتی ہے نہ لطف سخن اور یہ مختصر خط تو معلوم نہیں کس حقیقت کو دامن الفاظ میں لئے ہے جس کو لکھنے والا سمجھے یا مکتوب الیہ جس کے نام خط ہے۔ آخری الفاظ "کتبہ علیؑ" نے بتایا کہ یہ نوشتہ تھا اشاروں میں کیا کہا اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے:

"اور اُن جناب کا جن پر درود و سلام ہو یہ بھی کلام ہے" اے قنبرؓ کل تم میرے تھے اور آج کے دن میرے ایسے ہو بخش دیا ہے میں نے تم کو وہ سب جو تم نے مجھے دیا تھا۔ علی بقلم خود"

جس طرح عبد معبود میں اتحاد ہوتا ہے غلام اور آقا میں جادہ پیر سے خدا کہتا ہے بندے[1] میری اطاعت کر۔ میں تجھے اپنا مثل بنا دوں۔ قنبرؓ نے اپنے آقا کی اطاعت کی وہ بندہ نوازی کو فلک عزت پر پہنچی کہ اس کو اپنا مثل سمجھتے ہیں۔

چھٹے امامؑ کی علم افروز بزم میں قنبرؓ کی یاد

ایسا نہ تھا کہ وفا میں ثابت قدم رہنے والا غلام اولاد کی یاد میں بھلا دیا جائے۔ امام جعفر صادقؑ نے قنبرؓ کی ابتدائیہ کو اپنی حدیث میں اس طرح ظاہر کیا ہے کہ جب شاہ ولایت گھر سے برآمد ہوتے تھے تو قنبرؓ بھی تلوار لیکر پیچھے پیچھے چلتے۔ ایک مرتبہ اندھیری رات میں آقاؑ گھر سے نکلے قنبرؓ ساتھ ہو گئے۔ جب احساس ہوا کہ وفادار غلام ساتھ ہے تو پلٹ کر دیکھا اور کہا قنبرؓ تجھے کیا ہو گیا ہے۔ عرض کیا اس لیے آ رہا ہوں کہ آپ کے پیچھے پیچھے چلوں۔ فرمایا تجھ پر وائے ہو اہلِ آسمان سے میری حفاظت کرنا چاہتا ہے یا اہل زمین سے۔ عرض کیا اہلِ زمین سے۔ فرمایا جب تک آسمان سے حکم خدا نہ ہو زمین کے دشمن میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے تم واپس جاؤ (اصول کافی) قنبرؓ اس حکم کے بعد واپس گئے مگر اپنی

[1] جواہر سنیہ در احادیث قدسیہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہادری اور جانبازی کی وہ مثال قائم کر دی جس کو زمانہ کبھی فراموش نہیں کر سکتا چونکہ علیؑ ایسے بہادر کے لئے یہ باعثِ ننگ تھا کہ غلام حفاظت کرے اس لئے سخت لہجہ میں خطاب کیا ورنہ آپ کا رویہ غلام کے ساتھ برادرانہ تھا۔

فصاحت وبلاغت

فصحاءِ عرب نے جس کے کلام کو تحت کلام الخالق فوق کلام البشر کلام اللہ سے پست مگر تمام انسانوں کے خطبات سے بلند قرار دیا اس کے غلام قنبرؒ سے کسی نے پوچھا کس کے غلام ہو کہا:

انا مولی من ضرب بسیفین وطعن برمحین وصلی القبلتین وبایع البیعتین وھاجر الھجرتین ولم یکفر باللہ طرفۃ عین انا مولی صالح المؤمنین ونور المجاھدین ووارث النبیین وخیر الوصیین واکبر المسلمین ویعسوب المؤمنین ورئیس البکائین وزین العابدین وسراج الماضین وضوء القائمین وافضل القانتین ولسان رسول رب العالمین واول المومنین من آل یٰسٓ المؤید بجبرئیل الامین المنصور بمیکائیل الوتین والمحمود عند اھل السموات اجمعین ومجاھد اعداء اللہ الناصبین ومطفی نیران الموقدین وافخر من مشی من قریش اجمعین واول ما یجاب واستجاب اللہ امیر المؤمنین ووصی نبیہ فی العالمین وامینہ علی المخلوقین وخلیفۃ من بعث الیھم اجمعین سید المشرکین وسھم من مرامی اللہ علی المنافقین ولسان کلمۃ العابدین وناصر دین اللہ وولی اللہ ولسان کلمۃ اللہ وناصرہ فی ارضہ وعیبۃ علمہ وکھف دینہ وہمام اھل الابرار رضی اللہ العلی الجبار سمیح سخی حیی ذکی مطھر ابطحی باذل جری ھمام صابر صوام مھدی مقدام قاطع الاصلاب مفرق الاحزاب عالی الرقاب اربطھم جنانا واثبتھم

جنانا واشدھم شکیمۃ باذل باسل صندید ھزبر جحجاح ضرغام حازم عزام حصیف مجحاج کریم الاصل شریف الفضل فاضل القبیلۃ نقی العشایرۃ ذکی الرکابۃ مودی الامانۃ من بنی ھاشم وابن عم النبی الامام الھادی المھدی الرشاد مجانب الفساد الاشعث الحاتم البطل الجماجم واللیث المزاحم بدری مکی حنفی روحانی شعشعانی من الجبل شواھقھا ومن ذی الھضاب رؤسھا ومن العرب سیدھا ومن الوغاء لیثھا البطل الھمام واللیث المقدام والبدر التمام محک المومنین ووارث المشعرین وابو السبطین الحسنؑ والحسینؑ واللہ امیر المؤمنین حقاً حقا علی بن ابی طالب علیہ من الصلوات الزاکیۃ والبرکات السنیۃ کتاب[1] کشتی میں مذکور ہے کہ قنبرؒ سے کسی نے پوچھا تم کس کے غلام ہو انہوں نے کہا کہ میں اس کا غلام ہوں کہ جس نے دو تلواروں سے جہاد کیا اور دو نیزوں سے قتال کیا اور دو قبلوں کی طرف نماز پڑھی اور دو بیعتیں اور دو ہجرتیں کیں اور خدا کے ساتھ ایک آن واحد بھی کفر نہیں کیا میں مولا ہوں اس شخص کا جو صاحب ہے مومنین کا اور نور ہے مجاہدین کا اور وارث النبیین اور خیر الوصیین اور بزرگ ترین مسلمین اور سردار مومنین ہے۔ اور خدا کے خوف سے رونے والوں کا رئیس اور عابدوں کی زینت گذشتہ لوگوں کا چراغ اور موجودہ لوگوں کی روشنی اور تمام دعا کرنے والوں سے افضل رب[2] العالمین کا پیام پہنچانے والا اور آل یٰسٓ سے پہلا ایمان لانے والا ہے جس کی تائید جبرئیلؑ امینؑ اور نصرت میکائیلؑ نے کی اور تمام اہلِ آسمان اس کی ثنا و

---

[1] مرزا شہید شوستری علیہ الرحمہ آگرہ سے جو ترجمہ مجالس المومنین چھپا ہے اس کی مجلس چہارم صلا۲۶ سے اصل عبارت کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

[2] ترجمانِ یا رسولِ رب العالمین۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرح وسیط سے لکھا ہے اور تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ کوئی لڑائی ایسی تھی جس میں آپ نے دونوں ہاتھوں میں دو نیزہ لیکر جہاد کیا ہو جیسا کہ سیرت ذوالقرنین میں ہے کہ وہ دونوں ہاتھوں سے دشمن سے جنگ کرتے تھے اور مولا کا مثیل[1] ذوالقرنین ہونا مسلمات سے ہے۔

علم

اس سیرت کے تمام وکمال مطالعہ سے ممدوح کے فضل وشرف کا اندازہ اچھی طرح ہو سکتا ہے عبید اللہ امرتسری نے سبط ابن جوزی کی روایت اس طرح حوالۂ قلم کی ہے "جناب امیر علیہ السلام کے دو غلام تھے ایک تو قنبر[2] جو زیادہ تر مشہور ہیں دوسرے یحییٰ بن کثیر جن سے امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ روایت[3] کرتے ہیں اور وہ نہایت عالم اور فاضل تھے اور ان کے بیٹے عبد اللہ بن یحییٰ بھی بڑے عالم تھے۔" یہ بات رہ جاتی ہے کہ امام اوزاعی کون تھے اس کو جرجس ہمام شویری لکھتا ہے وھو ابو عمر عبد الرحمان الفقیہ[4] المشھور توفی بیروت وہ ابو عمر عبد الرحمان مشہور فقیہ تھے جنہوں نے بیروت میں وفات پائی (اطلاع) ملحوظ خاطر رہے کہ لفظ رحمان کو بالف[4] لکھا ہے۔

دربارِ معاویہ میں سخت ترین گفتگو

عموماً تو مدینہ علم کے حلقہ بگوش افراد میں طرماح بن عدیؓ کا شمار جانا اور بزم غیر میں وہ فصیح وبلیغ گفتگو جس کا ہر جملہ بلاغت کی جان اور فصاحت کی کان تھا

---

[1] مناقب ابن شہر آشوب، بحار الانوار جلد نہم، ارجح المطالب ص۶۶۳ وغیرہ۔
[2] ارجح المطالب ص۶۱ [3] معجم المطالب ص۱۲۲۴ [4] یہ اشارہ مصنف کے شاگرد مرزا محمد شاہ عالم کی اُس تحقیق کی طرف ہے جو بہارت میں تحقیق باسم اللہ کے نام سے ۱۹۳۴ء میں دو مرتبہ طبع ہوئی۔

http://fb.com/ranajabirabbas

کتابوں[1] میں پایا جاتا ہے لیکن صالح ترمذی کشفی مشہور عالم اہل سنت نے اپنے مناقب فارسی میں ایک ویسی ہی گفتگو قنبرؓ کی درج کی ہے جس کا ہر پہلو اُن کی دلیری اور ہمت کی بلندی اور نڈر ہونے کا ثبوت ہے۔ یہ صحیفہ اسبار کر بمبئی میں چھپا اور آج کل اس کا اردو میں پاکستان میں بھی ترجمہ ہوا ہے جو میں نے نہیں دیکھا۔ میرے سامنے خطی نسخہ کا پانچواں باب[2] ہے جس کا ترجمہ یہ ہے:۔

قنبرؓ مولائے کونینؑ کا ایک خط لے کر معاویہ کے پاس گئے۔ ان کا بلند وبالا قد دیکھ کر اس نے مسخرے پن میں کہا کہ کچھ آسمان کی بھی خبر ہے؟ قنبرؓ نے جواب دیا ان العلی فی قفاک و ملک الموت فی ھواک۔ علی ابن ابی طالبؑ تیرے عقب میں ہیں اور قبضِ روح کا فرشتہ تیری گھات میں ہے۔ معاویہ جھینپ گیا۔ دوسرا اعتراض اُن پر یہ ہوا کہ فرش پر جوتے پہنے ہوئے آرہے تھے۔ جب ٹوکا تو کہا کہ یہ وادی مقدس نہیں ہے جو نعلین اتاری جائے۔ خط کا مضمون یہ تھا۔

غرک عزک بصار قصار ذلک ذلک ناخش ناحس فعلک فعلک تھدی بھذا۔ "تجھے تیری (وقتی) عزت نے مغرور کر دیا۔ تیرا انجام ذلت وخواری ہے اپنی بدکرداری سے ڈر تو شاید خدا تجھے سیدھے راستے پر چلائے" کہا جاتا ہے کہ مطول تفتازانی میں یہ خط موجود ہے اور یہ کتاب اس وقت میرے روبرو نہیں اصل ماخذ کو دیکھ کر مزید بحث ہو سکتی ہے۔ دربارِ معاویہ میں بھی دنیاو عرب کے کمالات تھے۔ وہ خود تو خط لکھنے میں بدترین مردم تھا اور تاریخ میں

---

[1] مجالس المومنین شہید شوستری وارشادیہ چودھویں رات کا چاند
[2] ص۳۰۲ مکتبہ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

موجود ہے کہ سب سے پہلے معاویہ نے خط میں طول دے کر صفحہ کے صفحہ سیاہ کردئے، ورنہ انسانیت کی ابتدائی تاریخ میں خط مختصر ہوا کرتا تھا۔ بہر حال شام کے کسی ادیب نے بڑی مشکل سے مختصر جواب لکھا۔ علی قد ساری غلی قد ساری۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ "میرے رتبہ سے میری دیگ جوش زن ہے"۔ یہ جملے دیکھ کر مجھے ایک ملنگ کا وظیفہ یاد آتا ہے جو بڑا لمبا ہے۔ اس میں موجود ہے۔ "دیگ پر محمدؐ تیغ پر علیؑ"۔ جواب الجواب میں مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ کھانا پینا جس کا سرمایہ فخر تھا وہ ایسی باتیں بگھارتا ہے۔ یہ جواب علمی نہیں ہے سے

تکبر عزازیل را خوار کرد　　بزندان لعنت گرفتار کرد

درس مساوات

اسلامی مساوات کی جھلک اگر دیکھنا ہو تو مولائے کائناتؑ کی سرکار میں آؤ جہاں تم کو ظاہر و باطن یکساں نظر آئیگا اندرون خانہ جو رنگ ہے کہ ایک دن گھر کی ملکہ خاتون محشرؑ کام کرتی ہیں اور ایک دن کنیز وہی رنگ باہر بھی ہے جو کپڑے آقا کے جسم میں وہی یا اس سے بہتر لباس غلام کے بر میں۔ مساوات پر صرف دو واقعہ پیش کئے جاتے ہیں

(۱) ابو نوارؓ جو سپید روئی کے کپڑے بیچتا تھا اس دوکاندار کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ جناب امیر علیہ السلام قنبرؓ کو لئے ہوئے میرے پاس تشریف لائے اور مجھ سے دو موٹے کپڑے خریدے اور اپنے غلام قنبرؓ سے فرمایا کہ ان میں سے جو تجھے پسند آئے وہ لے لے۔ قنبرؓ نے ان میں سے ایک کو پسند کیا اور جناب امیرؑ نے دوسرا آپ پہن لیا۔

(۲) ابن شہر آشوب مازندرانی علیہ الرحمہ کا بیان ہے کہ ایک موقع پر مولاؑ نے اپنی حقیت کے اثبات میں قاضی شریح کے روبرو امام حسنؑ اور قنبرؓ کو پیش کیا اور قاضی نے غلام کی گواہی آقا کے حق میں قبول نہ کی اور اپنے دامن پر وہ دھبہ لگایا جو

ا۔ ارجح المطالب باب زہد فی اللباس صفحہ ۱۶۹

تا قیامت چھوٹ نہیں سکتا۔ تفصیل مناقب میں دیکھو یہیں صرف یہ عرض کرنا ہے کہ پہلی سیرت میں غلام کو لباس میں اپنا مساوی قرار دیا اور دوسرے رویہ میں اپنے فرزند امام حسنؑ کا ہمسر قرار دیتے ہوئے خانۂ شہادت میں لائے جو قنبرؓ کی عدالت پر نقش جلی ہے۔ پیغمبر خداؐ کی حقیت پر نصاریٰ کے مقابلہ میں جس شاہزادہ کی گواہی بچپن میں غیر مذہب عیسائی نے مان لی اس کو قاضی صاحب رد کرتے ہیں اور یہ نہ سمجھے کہ ان کو اپنا حق لینا نہ تھا بلکہ غلام نوازی اور مساوات اور قنبرؓ کی عدالت ثابت کرنا تھی قاضی شریح کی زندگی میری کتاب سوانح حیات مسلم بن عقیلؑ میں ملاحظہ کریں۔

رفاقت

سیرت مولاؑ میں بیشتر مقامات پر قنبرؓ کی معیت (ساتھ رکھنا) موجود ہے۔ ان مقامات کا شمار مشکل ہے۔ ایک مقام یہ ہے:۔

مدینہ میں ایک شخص عبداللہ نامی صاحبانِ عزت سے تھا اس کی بن بیاہی بیٹی کا پیٹ بڑھنے لگا اور دیکھنے والوں کو گمان ہوا کہ اس نے زنا کیا ہے باپ نے غیرت میں لڑکی کو مار ڈالنے کا ارادہ کیا۔ اس نے بارگاہِ ایزدی میں فریاد کی اور کوفہ کی طرف رخ کر کے حضرت امیر المومنینؑ کو پکارا۔ آپؑ منبر پر وعظ کہہ رہے تھے خطبہ کو ناتمام چھوڑ کر حاضرین سے جلد آنے کا وعدہ کر کے قنبرؓ کو ساتھ لیا اور طی عرض کر کے لڑکی کے بالیں پر اُس وقت پہنچے کہ تلوار بالائے سر تھی آپ نے دُور ہی سے فرمایا کہ لڑکی کو قتل نہ کر یہ پاکدامن ہے اس کے بطن میں ۲۷ مثقال کی ایک جونک ہے جس کی وجہ سے شکم میں سنگینی نمایاں ہے۔ عبداللہ آب دیدہ ہوا۔ آپ نے حکم دیا کہ لڑکی پردہ میں جائے اور تھوڑی سی زمین کھود کر پانی بھر دیا جائے اور برف کے ایک ٹکڑے پر لڑکی کو بٹھائیں۔ کچھ دیر کے بعد وہ جونک پانی میں آ گئی اور شکم معمول پر آ گیا۔ وزن جو کیا تو جونک ۲۷ مثقال کی تھی۔ اس حکیمانہ فیصلہ کے بعد آپ باعجاز مسجد کوفہ آئے اس وقت تک کوئی اپنی جگہ سے نہ اٹھا تھا۔ حاضرین سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیفیت بیان کی۔

(اطلاع) مسجد کوفہ کے آثار قدیمہ میں بیت الطشت بھی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ کوفہ کا ہے ممکن ہے کہ مدینہ سے کوفہ وہ ظرف بطور یادگار منتقل ہوا ہو یا دونوں جگہ یہ واردات ہوئی۔

حزب اختلاف کے بیان میں ذکر قنبرؒ

وہ طبقہ جو اللہ کے لیئے عدالت ضروری نہیں جانتا جس نے انبیاءؑ کے دامن تک گناہ، خطا، نسیان کے داغ لگائے اس کے ایک نمائندہ کمال الدین بن طلحہ شافعی نے اپنے نزدیک مدح کی روایات حقوق ناس کے ذیل میں جو داستان لکھی ہے کہ امام حسنؑ نے اپنے مہمان کے لیئے نجی طور پر قنبرؒ سے بیت المال کا شہد تقسیم سے پہلے لے لیا اور مولاؑ ناراض ہوئے اور معاذ اللہ امام حسنؑ کے مارنے کا قصد کیا۔ انہوں نے اپنے چچا جعفر طیارؑ کی قسم دے کر جان چھڑائی‘ قابلِ قبول نہیں ہے[1] نہ قنبرؒ اپنی کڑی نگرانی میں ڈھیل دے سکتے تھے نہ امام حسنؑ ایسے چالاک تھے یارانِ طریقت کا یہ افسانہ ہر آل رسولؐ کا وقار گھٹانے کے لئے ہے۔

خدمتِ خلق کا اعلیٰ جذبہ

جود و سخا کا ایک منظر

اگر کسی سرکار میں خزانچی کنجوس ہو تو اس کے سرمایہ سے عوام کو مالی مدد ملنے میں دشواری ہوتی ہے۔ کہاوت ہے "سخی سے سوم بھلا جو دے جلدی جواب" سائل کو روک رکھنا غلط قوانین کی پابندی نیکنامی پر ضرب ہے۔ قنبرؒ کی خدمتِ خلق

[1] ارجح المطالب ص۱۸۵

اور سیر چشمی کا وہ مشہور ترین واقعہ ہے جو منبروں پر مولاؑ کی سخاوت کے سلسلہ میں ذاکرین پڑھتے ہیں کہ گروہ انان کے عوض سائل کو اونٹوں کی قطار دی وہ اسی حکایت کا تتمہ ہے جو قنبرؒ کے آغاز پر معجزات میں کبھی دیکھی تھی اور آج پھر نظر کی اصل ماخذ میں عشام کا خزانہ اپنی انفرادی جنگ میں فتح کر کے اونٹوں پر بار کر کے لا رہے تھے نابینا فقیر نے روٹی مانگی۔ قنبرؒ کو حکم دیا دیدو قنبرؒ نے جواب دیا روٹی دسترخوان میں ہے جو شتر پر ہے۔ آپ نے فرمایا کہ مع قطار کے دیدو۔ قنبرؒ مہار ناقہ چھوڑ کے سرک گئے۔ پوچھا یہ کیا؟ عرض کیا مبادا مجھے بھی نہ دے دیں۔ قنبرؒ کی یہ اعلیٰ فراست اور دانشوری تھی کہ وہ سمجھے مولاؑ کی نظر میں مالِ دنیا کی قدر نہیں ہے۔ وہ ایک روٹی اور اونٹوں کی قطار دے دینے کو برابر خیال کرتے ہیں اس لیئے عنانِ شتر ہاتھ سے چھوڑ دی۔ اس روبہ میں پہلی بات تو یہ کہ قابلِ غور ہے کہ خیرات میں قرآن حکیم نے جلدی کا حکم دیا ہے۔ قطار سے دسترخوان تلاش کرنا اونٹ کو بٹھانا بڑی دیر لگتی تاخیر فرمانِ ایزدی کے خلاف تھی لہٰذا مع قطار دینا عین عقل تھا۔ واقعہ کا آخری حصہ یہ بھی ہے کہ وہ دامن قبا سے لپٹ کر نابینگی سے بھی نجات پا گیا۔ اس فضیلت کو شش کر کمزور عقیدہ رکھنے والوں کا یہ کہنا کہ یہ مال مسلمین تھا سب کو دینا چاہیئے تھا غلط ہے مسلمان جنگ میں شریک نہ تھے تن تنہا فتح پائی تھی اور کہیں اس کی صراحت نہیں ہے کہ واپسی پر کسی نے سوال کیا ہو اور آپ نے تہی دستی کا عذر کیا ہو۔ بعد میں آنیوالوں کے لئے بھی دروازہ کھلا تھا۔

سلیمانؑ نبی کی صفت میں شرکت

انبیاء کرامؑ میں لسان قدرت نے فرمایا ہے کہ ہم نے

[1] فضائل مرتضوی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلیمانؑ کو منطق الطیر پرندوں کی بولی سکھائی۔ یہ صراحت یقیناً اُن کو دوسرے انبیاءؑ سے ممتاز کرتی ہے۔ یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ قنبرؓ سے کسی چڑیا نے باتیں کیں مگر قنبرؓ کا مرغابیوں سے کلام کتب مناقب میں پایا جاتا ہے اور یہ اُن کے مرتبہ پر اچھی خاصی دلیل ہے۔

کلام عرب میں اسماء اصوات ایک مستقل بحث ہے کہ شتربانی میں اونٹ ہنکاتے وقت کیا کہتے تھے اور گھوڑے کو مہمیز کرتے میں اُن کا کیا رویہ تھا، یہ ایک علیحدہ شئے ہے۔ قنبرؓ کا بات کرنا اور پرندوں کا سمجھنا اُن کی خصوصیت ہے۔ چنانچہ براء ابن عازب راوی ہیں کہ ایک مرتبہ قازیں اڑتی ہوئی حضرت علی مرتضیٰؑ کے سرِ مبارک پر سے گذرتی ہیں اور ان کے چہچہے سُن کر آپ فرماتے ہیں کہ مجھ پر اور اصحاب پر میرے سلام کر رہی ہیں۔ اس نوید سے منافقین کے چشم و ابرو پر شکن آئے۔ مؤلف عرض کرتا ہے ان کا ایمان قرآن پر نہ تھا۔ نص قرآن ہے کہ نبی کو منطق الطیر کا علم ہو سکتا ہے مگر کیا کیا جائے اُن خبیث ہستیوں کو جو بے بصیرت تھے۔ جب مولاؑ نے یہ تیور دیکھے تو قنبرؓ سے کہا کہ مرغابیوں کو پکار کر کہو۔

ایھا الاوز اجیبوا امیرالمومنین واخا رسول رب العالمین

اے مرغابیو مومنوں کا امیر اور رسول کے بھائی کا جواب دو۔ قنبرؓ نے پکارا اور مرغابیاں نیچی ہو کر معروف پرواز ہوئیں۔ پھر آپ نے اشارہ کیا کہ زمین پر اتر آؤ۔ حاضرین کہتے ہیں کہ ہم دیکھ رہے تھے کہ وہ پرند پروں کو سمیٹ کر زمین پر اُترے اور صحنِ مسجد میں آ گئے اور آقائے کونینؑ نے ان کی زبان میں کچھ باتیں کیں جو ہم نہ سمجھے اور مرغابیوں نے گردنیں بلند کر کے جواب دیا پھر ارشاد فرمایا کہ خدائے عزیز و جبار کا حکم زبان (حال) سے بولو۔ قازوں نے

بڑی فصاحت سے کہا السلام علیک یا امیرالمومنین خلیفۃ رسول رب العالمین "اے جملہ مومنین کے امیر اور رب العالمین کے رسولؐ کے خلیفۂ برحق"

لپٹ جاتی ہیں جب مرغابیاں پائے مبارک سے
ٹھہر کے دستِ شفقت سے انہیں آقا ہٹاتے ہیں (میر عشق)

حضرت موسیٰ بن عمرانؑ کی جھلک

نص قرآن ہے کہ حضرت موسیٰؑ کا عصا جب سانپ کی شکل میں آیا تو قدرت کو کہنا پڑا لا تخف موسیٰ ڈرنا نہیں اور سیرت حضرت امیرؑ میں ہے کہ آپ خطبہ پڑھ رہے تھے۔ منبر سے قنبرؓ کو حکم دیا کہ حجرۂ مسجد میں جو ملے اُسے لے آؤ۔ قنبرؓ صفِ مومنین سے اُٹھے اور گوشہ میں جا کر دیکھا کہ ایک خوبصورت سانپ لہرا رہا ہے۔ دل میں خوف طاری ہوا مگر حکم کے مہیب میں اس کو پکڑ لیا۔ حارث بن اعور راوی کا بیان ہے کہ قنبرؓ کے ہاتھ سے وہ تڑپ کر چھوٹ گیا اور منبر کی طرف خود چلا اور حیدرِ کرارؑ کے قریب پہنچ کر گوشِ مبارک تک گیا اور کان میں اپنی زبان میں باتیں کیں۔ دیر تک وہ کچھ کہتا رہا اور آپ سنتے رہے۔ پھر صفوں کو چیرتا ہوا واپس گیا۔

جانے کے بعد آقائے کونینؑ کے آنسو جاری ہوئے۔ حاضرین نے سبب پوچھا فرمایا یہ وہ جنّ ہے جس نے رسولِ خداؐ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ اور (اس وقت حاضر ہو کے) میری اطاعت کا اقرار کرتا ہے مگر افسوس ہے کہ وہ فرمانبردار ہے اور تم میں دو گروہ ہیں کوئی اطاعت کرتا ہے اور کوئی مخالفت۔ یہ مسجد کوفہ ہے آفرین ہے قنبرؓ کی ہمت پر۔ اب آنے والے کی دو حیثیتیں قرار پاتی ہیں جن، سانپ جس کے کاٹے کا منتر نہیں اور دراصل قوم جنّ سے ہے جس کے نام سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسانیت خوف زدہ ہے۔ یہ وہ آتش بلا تھی جس کا قنبرؒ نے مقابلہ کیا اور ایسا نہیں ہوا کہ ڈر کر پلٹ آئے ہوں اور کہا ہو کہ وہاں تو سانپ ہے۔ اس روایت و معجزہ کا پس منظر یہ ہے کہ جن کو معرفت میں کمال تھا آقا اور غلام دونوں کو پہچانتا تھا۔ کیا مجال کہ قنبرؒ کے کاٹا ہو اور ایسا بھی نہیں ہوا کہ موجودہ منافقوں میں کسی ایک کو گزند پہنچا ہو۔ وہ دنیا کو مہلت کی جگہ سمجھتا ہے۔ اس کے ڈسنے سے زیادہ خطرناک عذاب الٰہی ہے ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار وہ تو دوزخ کے پست ترین طبقہ میں ہوں گے۔

قنبرؒ کا یہ جرأتمندانہ اقدام بتاتا ہے کہ حضرت موسیٰ کلیم اور مرسل ہو کر دست مبارک کو کپڑے[1] میں لپیٹ کر اژدھے کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہیں اور قنبرؒ مطلق نہیں ڈرے۔

موکلانِ دوزخ جیسی خدمات

مولانا سید ابوالحسن شاہ کشمیری ابن سید نقی شاہ مرحوم و مغفور اپنے استادِ علام تاج العلماء کی زاد قلیل معرکہ آرا کتاب کی شرح میں اس طبقہ کو جو مولاؑ کی اولوہیت کا قائل تھا قنبرؒ کے ہاتھوں نذرِ آتش کیے جانے کا تذکرہ کرتے ہیں۔

ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

مناقب[2] میں ہے کہ ستر آدمی جنگ بصرہ کے بعد خدمت امیرالمومنینؑ میں لائے گئے جو اپنی زبان میں اُن حضرات کو اپنا معبود سمجھتے تھے اور سجدہ کرتے تھے آپ نے جواب دیا کہ تم پروائے ہو میں تمہارے جیسا مخلوق ہوں۔ انہوں نے انکار کیا۔ آپ نے فرمایا اگر تم اپنے قول سے میرے بارے میں نہ ہٹے اور بارگاہِ

---

[1] ارجح المطالب صـ۲۱۱

[2] سواد السبیل شرح زاد قلیل عربی صـ۱۲۷ طبع مطبع اثنا عشری میر عابد علی لکھنؤ

ایزدی میں توبہ نہ کی تو تم کو قتل کر دوں گا۔ آنے والوں نے راہِ راست پر آنے سے انکار کیا۔ آپ نے خندق کھدوا کر آگ روشن کرائی اور قنبرؒ نے ایک ایک کو اپنے کندھے پر لاد کے آگ میں ڈالا اور کہا[1]

انی اذا ابصرت امراً منکراً | اوقدت ناری و دعوت قنبرا
ثم احتفرت حفراً احفرا | وقنبر یحطم حطماً منکرا

"جب میں نے اُن کی بدخیالی دیکھ لی تو آگ سلگوائی اور (اپنے غلام) قنبرؒ کو پکارا زمین پر گڑھے کھودے قنبرؒ زیر زمین لکڑیاں (ایندھن) جمع کر رہے تھے"۔

مجلسی علیہ الرحمہ نے یہ واقعہ رجال کشی سے بروایت امام محمد باقر علیہ السلام بیان کر کے توضیح کی ہے:۔

الزط قوم من السودان والھنود فسلموا علیہ وکلموہ بلسانھم۔

"یہ حبش کے لوگ اور ہنود تھے جنہوں نے آکر سلام کیا تھا اور آپ نے انہیں کی زبان میں جواب سلام دیا ان کے سرگروہ کا نام محمد بن النصیر نمیری البصری تھا"

علماء اہل سنت نے بھی اس واقعہ کو نذرِ قرطاس کیا ہے اور قنبرؒ کی خدمات کا اس موقعہ پر ذکر ہے بہر حال آگ سے جب دھواں بلند ہوا اور وہ جل کر راکھ ہو گئے تو مولاؑ نے ان کو پھر زندہ کیا تو ان کی زبان پر یہ کلمات[2] تھے۔ "آگ کا عذاب تو آگ کا رب ہی کر سکتا ہے"۔ نصیری اس گروہ کے عقائد کی تائید کرنے والے ہیں۔

اس واقعہ سے قنبرؒ کی طاقت جسمانی کا اندازہ ہوا کہ وہ ستر آدمیوں کو

---

[1] یہ اشعار دیوان صـ۲۴۲ کے ہیں۔

[2] ارجح المطالب از شفا قاضی عیاض صـ۲۰۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اٹھا اٹھا کر لائے اور آتشین کنوئیں میں ڈالا جس طرح حکم ایزدی سے دوزخ کے ۱۹ موکل کفار کو جہنم میں پہنچائیں گے اور آگ کی لپک ان پر اثر نہ کرے گی۔

علم ہدایت شیعہ ہاتھ میں

اسلام میں لواء ہدایت، علم کی وہ اہمیت ہے کہ جس کے ہاتھ میں نظر آئے وہ دوسروں سے ممتاز ہے۔ علمداری کی ہوس بڑے بڑے نمودار لوگوں کو تھی اور جس کو سرکارِ رسالتؐ سے یہ شرف عطا ہوتا تھا وہ زمین پر پیر نہ رکھتا تھا۔ علم کی حفاظت بھی بانیانِ اسلام کے ذمہ تھی کہ مبادا نااہل علم لے کر چل کھڑے نہ ہوں۔ اس لئے وہ کسی امانتدار کے قبضہ میں رہا اور مال خانہ سے علمدار کے ہاتھ میں پہنچانا بھی فضل و شرف سے خالی نہیں۔ قنبرؓ کو یہ عزت بھی حاصل تھی کہ وہ صفین میں علم کے محافظ تھے اور بعید نہیں کہ دشمن سے جنگ بھی کی ہو۔ خود مولاؑ کے منظومہ میں ان کی اس خدمت کا پتہ لگتا ہے۔

اخر منت ناری ودعوت قنبرا قدّم لوائی لاتوخر حذ ۱۲۔

"جب میں نے آتشِ حرب بھڑکا دی تو قنبرؓ کو صدا دی اور کہا علم لا دیر نہ ہو"

صفین کی تصویر کشی لیلۃ الہریر کا کشت و خون ہر دشمن کی خون ریزی پر اللہ اکبر کی صدا صفِ دشمن کے قریب نماز ظہر کے لئے مصلےٰ بچھنا کون نہیں جانتا مگر یہ افادہ کہ علم قنبرؓ لائے مولاؑ کی غلام نوازی تھی احمد درویش نے جس کتابچہ میں قنبرؓ کی آمد کو نظم کیا ہے اس کے ابتدائی شعر کا مصرعہ ثانیہ ٹھیک سے پڑھا نہیں جاتا۔ پہلا مصرعہ یہ ہے "ھذا اجری السمع انت ماجری ددواہ" اور دوسرے ابتدائی مصرعہ کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ وہ قنبرؓ کو فوج کے جرنیل کے درجہ پر سمجھتا ہے۔ اور یہ رائے صحیح ہے۔

وفادار غلام کے قتل ہونے کی پیشین گوئی

"صدیق اکبر اور لسان داودؑ کی یہ پیشین گوئی بھی تھی کہ ایک گروہؓ ان کے دوستوں کا دشمن کے ہاتھ سے بیدردی کے ساتھ قتل ہوگا۔ ان میں قنبرؓ کے ذبح ہونے کی خبر دی اور قتل ہونے کی کیفیت بتائی جیسا کہ عنقریب (حال ان کا) آئے گا۔"

اس ذمہ دارانہ بیان کا مطلب یہ ہے کہ قنبرؓ اپنی شہادت کے منتظر اور اصحاب امیرالمومنینؑ ان کے انجام بخیر ہونے پر گواہ اور اس عنصر ایمان میں تنہائی کی صحبتوں میں ایک دوسرے کی قربانی کے تذکرے ہوتے تھے اور ہر فرد صبر و تحمل اور ثبات قدم میں پہاڑ تھا جس کے خیالات میں تبدیلی نہ تھی۔

عناصر اربعہ ۴۰ھ سے ۶۰ھ تک

سیرت قنبرؓ میں یہ پہلو بڑا غور طلب اور خامہ فرسائی کے قابل ہے کہ صفین کے معرکہ میں تو ان کی یاد تازہ ہوتی ہے اور امام حسنؑ کے زمانۂ حکومت اور امامت میں بھی ان کا نام آجاتا ہے اور وہ خدمت گذاری میں عذر نہیں کرتے اور شہادت امام حسنؑ کے بعد دس برس تک ان کا نام صفحۂ تاریخ میں نظر نہ آیا۔ اگر حجاج بن یوسف کا ان کو قتل کرنا طشت از بام نہ ہو چکا ہوتا تو سیرت نگار یہ لکھتے کہ وہ واقعہ کربلا کے پہلے مر چکے تھے۔ ورنہ دشتِ غربت میں ضرور شہید ہوتے۔ سالہا سال کا خلا اور حجاج کے دور میں ان کی شیرانہ گفتگو نے کوالفِ عمر کو زندہ کیا اور نتیجہ سامنے آیا کہ وہ عہدِ معاویہ میں دوستدارانِ علیؑ کے ساتھ قید ہوں گے، قید سخت ہو یا قید با مشقت یہ رجحان

۱؎ یہ مناقب ابن شہر آشوب علیہ الرحمہ طبع بمبئی صفحہ ۱۸۲ کی دو سطروں کا ترجمہ ہے۔

۲؎ ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۵۲ طبع بمبئی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں بلکہ یقین ہے اور اس رائے پر جو تائید دستیاب ہوئی وہ یہ ہے
کان لہ الف نسمہ آنحضرتؐ کے ہزار غلام تھے۔ دوؔ واقعہ کربلا میں کام
آگئے اور دوؔ کو حجاج بن یوسف نے (جن میں قنبرؓ شامل ہیں) قتل کیا۔
واقعۂ کربلا میں شہید ہونے والے غلاموں کے نام سلاقہؓ اور
نصرؓ بتائے گئے ہیں۔ عقل قبول نہیں کرتی کہ جن غلاموں کو شہرت نہ ہو وہ
تو روزِ عاشور شہید ہو جائیں اور قنبرؓ جو غیر معمولی شہرت کا مالک وہ
رہ جائے اور حجاج بن یوسف کے وقت تک زندہ رہے لہٰذا ثابت ہے کہ
وہ مختار ابن ابو عبیدہؓ اور دوسرے دوستدارانِ علیؑ کے ساتھ مقید
ہوں گے اور ان کی یہ مدت دراز کی قید واقعۂ کربلا میں شرکت سے مانع ہوئی۔

اب انصاف کا مقام ہے کہ قنبرؓ کے دل و دماغ پر آقازادوں کے یہاں
بلا کر شہید ہونے کا کیا اثر ہوگا اور کس طرح زار و قطار روتے ہوں گے۔ اگر
شیعیت کو زمانہ آزادی اور مہلت دیتا تو قنبرؓ کے کان تک معرکۂ کارزار کے
کوائف بھی پہنچنا چاہیئیں اور وہ دوسرے افراد سے نقل بھی کر سکتے تھے
مگر حریت سلب تھی، زبانوں پر قفل تھے، سامعین کا فقدان تھا۔

اب رہا یہ امر کہ دو ہستیاں سلاقہ اور نصر کو کیونکر رخصتِ جہاد ملی
کیا لڑے، کب شہید ہوئے۔ یہ بھی واقعہ نگار کا احسان ہے کہ سیرتِ علیؑ
میں نام رہ گئے ورنہ آسمان کے لاکھوں ستاروں میں بہت تھوڑے تاروں کے
نام دنیا کو معلوم ہیں کربلا میں بقول دعبلؔ وہ آسمان کے ستارے زمین پر ٹوٹ
ٹوٹ کر گرے تھے جو عظمت میں سورج سے بڑے تھے۔

۱؎ مناقب ابن شہر آشوب ۲؎ یہ دونام نہ تو زیارت شہداء میں ہیں نہ مقاتل میں
مگر ابن شہر آشوب کا علمی وقار ثبوت میں کافی ہے۔
۳؎ افاطم یا بنت الخیر قومی واندبی ☆ نجوم سمٰوات بارض فلوات

واقعہ کربلا میں قنبرؓ کیوں شریک نہ ہوئے؟

الحسین صفحہ ۱۹ میں
یہ سوال اٹھایا تھا

قنبرؓ واقعہ کربلا میں کہاں تھے؟ کیا وہ پیرانہ سالی کا عذر کر کے خانہ نشین ہو
چکے تھے۔ کیا تمام عمر کی خدمت گذاری کے بعد وہ آقازادوں کو بھول گئے تھے
ایسا نہیں ہے اور نا ممکن تھا کہ وہ اولادِ مصطفےٰؐ کو اپنے سامنے کٹتے دیکھتے
اور بیٹھے رہتے۔ صفین کی جنگ میں میدانِ حرب اک آتشکدہ تھا اور قنبرؓ
اس محاذ پر علمدار تھے۔ روزِ عاشور کی گرمی سے وہ ہرگز نہ ڈرتے۔ امام حسنؑ کے
زمانہ تک ان کی موجودگی تاریخ سے ثابت ہے اور شہادتِ حسینؑ کے دس برس
بعد تک صفحۂ تاریخ میں ان کا نام آتا ہے۔ وہ عہدِ امام زین العابدینؑ میں حجاج بن
یوسف ظالم کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ واقعۂ کربلا میں وہ قیدِ سخت میں تھے
اور مختارؓ ایسے مشاہیر کے ساتھ اسیر تھے۔

اس قید و بند میں کہاں ممکن تھا کہ ان کا نام خاندان حضرت امیرؑ کے
حالات میں جگہ جگہ آتا۔ امام حسنؑ زندگی بھر بھولے نہ ہوں گے۔ امام حسینؑ کو
یقین تھا کہ قنبرؓ ہوتے تو ضرور کام آتے۔ امام زین العابدین علیہ السلام خود اسیر
ہو کر اس سابق کو دل و دماغ میں جگہ دیئے ہوں گے اور جب قنبرؓ کی شہادت
کی خبر سنی ہوگی تو ان کا بھی غم منایا ہوگا۔

میں فضلِ خدا سے ابوہریرہ نہیں ہوں نہ غلط حوالوں پر میری زندگی
کی اساس ہے

امام مظلوم کے مکہ سے سفر میں قنبرؓ کی ایک یاد

واقعہ کربلا میں جبکہ
فرزند رسولؐ مدینہ

چھوڑ چکے اور مکہ سے بھی نکلنا چاہتے تھے عبداللہ بن زبیر سے جو سخت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

گفتگو ہوئی اور اس پر مسلمانوں کے جوق جوق آکر بیعت کرنا بار تھا۔ اور وہ آپ کے فروغ کو دیکھنا نہیں چاہتا تھا اور اس کا الزام تھا کہ مسلمانوں میں افتراق پھیلایا جا رہا ہے۔ عبداللہ ابن عباسؓ جو حج کے سلسلہ میں آئے تھے اس کی ریشہ دوانی سے اچھی طرح واقف تھے اور جب امامؑ نے مکہ بھی چھوڑ دیا تو ابن زبیر سے ان کا یہ کہنا لَقَدْ قَرَّتْ عَیْنُکَ یَا ابْنَ الزُّبَیْرِ۔ اے ابن زبیر اب تیری آنکھیں روشن ہوئیں۔ فرزند رسولؐ مکہ سے بھی نکل گئے۔ یہ دیکھ کر طرفہ بن عبد شاعر نے چار شعر پڑھے جو ناسخ التواریخ جلد ششم صد ۲۰۹ طبع بمبئی میں دیکھیں پہلا شعر یہ تھا جس میں قنبرؓ کا لفظ آیا۔ یَا لَکِ قُنْبَرَۃٍ بِمَعْمَرٍ خَلَا لَکِ الْجَوُّ فَبِیْضِیْ وَاصْفِرِیْ۔ تحقیق لفظ میں وہ حاشیہ میں کہتے ہیں قنبرۃ مرغ چکاوک کو کہتے ہیں جس کی جمع قنابر ہے لیکن مفرد کے استعمال میں حرف نون کا اظہار ہوتا ہے اور معمر اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سبزہ اور پانی ہو۔ مفہوم یہ تھا کہ امامؑ کی ہوشیاری کے باوجود مکہ سے نکلنے پر اب وہ تیرے شکار ہو سکتے ہیں۔

قنبرؓ نہ تھے تو کچھ پرواہ نہیں دوسرے غلامان علیؑ جن کے نام "الحسینؑ" میں آچکے اپنا خون بہا چکے مومنین کی نیت اور ارادہ ان کے عمل سے بہتر ہے۔

شہادت اور قاتل کا تعارف

حجاج بن یوسف ثقفی[لعنه] کا نام ظالموں میں سر فہرست ہے اور دنیا کا بچہ بچہ اس فرعون بے سامان کے مظالم آل محمدؐ اور ان کے دوستوں پر مصائب کے پہاڑ گرانا اور ڈھانا جانتا ہے۔ نمرود و ہامان نے بھی جو ظلم نہیں کیے وہ حجاج کے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا اس کا طاغوت عہد اور ابلیس عصر ہونا دنیائے تاریخ کو تسلیم۔ ابو اسحاق برہان الدین وطواطؒ نے بالکل شب پرہ چشمی سے کام نہیں لیا اور آزادانہ

---

[1] غرر الخصائص طبع مصر عربی صد ۲۵۳

اپنی تاریخ میں لکھا کہ اس نے لڑائیوں میں جن لوگوں کو قتل کرایا ان کا ذکر نہیں۔ ایک لاکھ ۲۰ ہزار نفوس انفرادی اس کے ہاتھ سے قتل ہوئے اور اس کے قید خانہ میں پچاس ۵۰ ہزار مرد اور تیس ۳۰ ہزار عورتیں جن میں چھ ۶ ہزار پردہ نشین تھیں جیل کی سختیاں برداشت نہ کرنے پر زندان میں فوت ہوئیں۔ اس کے وقت کا قید خانہ عورت و مرد کی مخلوط جگہ تھی جہاں سردی اور گرمی سے بچنے کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔ بے سقف کی عمارت دیواروں کے سایہ میں جب دھوپ ہٹتی تھی تو قیدیوں کو تمازت میں کھینچ کر لایا جاتا۔"

ایک قنبرؓ وہ سخت جان تھے کہ موت کے چنگل سے زنداں میں محفوظ رہے ان کو اس سرکش کے ہاتھ سے سعادتِ ابدی حاصل ہونے والی تھی۔

اِس وفا شعار غلام کی شہادت پر اہل تاریخ اس طرح روشنی ڈالتے ہیں کہ حجاج[لعنه] نے ایک دن کہا کہ میرا دل چاہتا ہے اگر کوئی دوست علیؑ ملے تو میں اس کو قتل کروں اور خدا کی بارگاہ میں تقرب حاصل کروں۔ لوگوں نے کہا کہ قنبر سے زیادہ خدمت علیؑ میں حاضر رہنے والا کوئی نہیں۔ اس اطلاع پر قنبرؓ کو قید خانہ سے بلایا۔

حجاج[لعنه]:۔ (قنبرؓ کی طرف دیکھ کر) تو ہی قنبر ہے؟

قنبرؓ: ہاں میں قنبر ہوں۔

حجاج[لعنه]:۔ علی کے غلام ہو۔

قنبرؓ:۔ میرا مولا خدا اور ولی نعمت علیؑ ہیں۔

حجاج[لعنه]:۔ علی کے دین سے بیزاری اختیار کرو۔

قنبرؓ:۔ مجھے ان کے دین سے بہتر کوئی دین بتا؟

حجاج[لعنه]:۔ میں تمہیں قتل کروں گا کس طرح قتل ہونا پسند کرو گے؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قنبرؓ: قتل ہونا تیری ہی رائے پر چھوڑتا ہوں۔

حجاج لعین نے اصرار کیا آخر میں قنبرؓ نے فرمایا مجھ سے میرے آقا نے کہا تھا کہ تیری موت نہیں ہوگی مگر بلا وجہ ذبح ہونے سے۔ حجاج لعین نے قنبرؓ کو ذبح کر دیا۔

(۲) شہید شوستری نے رجال کشی کے حوالے سے جو لکھا ہے وہ اصل ماخذ میں نے خود بھی بچشم خویش دیکھا مگر مترجم آگرہ مذکور الصدر جلد میں اس طرح ترجمہ کرتے ہیں جب قنبرؓ کو حجاج بن یوسف لعین کے پاس لائے تو اس نے پوچھا:

حجاج لعین: علی علیہ السلام کی خدمتوں میں سے کون سی خدمت تمہارے متعلق تھی؟

قنبرؓ: میں حضرتؑ کے وضو کے لئے پانی لایا کرتا تھا۔

حجاج لعین: وہ جب وضو سے فارغ ہوتے تو کیا کہتے؟

قنبرؓ: اس آیت کی تلاوت فرماتے تھے فلما نسوا ما ذکروا بہ فتحنا علیهم ابواب کل شیء حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذناهم بغتة فاذا هم مبلسون فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین۔ جس کا ظاہری ترجمہ یہ ہے "پس جب بھول گئے وہ لوگ اس نصیحت کو جو انہیں کی گئی تھی تو ہم نے ہر چیز کے دروازے ان پر کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ پائی ہوئی چیز سے خوش ہوئے تو ہم نے ان کو دفعۃً گرفتار کیا۔ پس وہ

لہ ترجمہ مجالس المومنین صفحہ ۴۶۳ ارجح المطالب میں اس محل پر کفایۃ الطالب محمد بن یوسف گنجی شافعی کے قلم کی جو الفاظ لکھے ہیں وہ یہ ہیں اخبرنی امیر المومنین ان میتی تکون ذبحا ظلماً بغیر حق فامر بہ فذبح "امیر المومنینؑ نے خبر دی ہے کہ میری موت نہیں ہوگی مگر بلا وجہ از روئے ظلم ذبح کیے جانے سے حجاج لعین نے ان کو ذبح کر ڈالا۔" (ارجح صفحہ ۸۶۱ آخر کتاب)

ناامید رہ گئے۔ پس ظالموں کی جڑ کاٹ ڈالی گئی اور سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں جو تمام عالمین کا پالنے والا ہے"۔

حجاج لعین: (غصہ سے آگ بگولہ ہو کر) میرا گمان ہے کہ وہ اس آیت کی تاویل ہم لوگوں کی شان میں کرتے تھے اور ہمیں لوگوں کو ظالم سمجھتے تھے۔

قنبرؓ: ہاں ایسا ہی ہے۔

حجاج لعین: اگر میں تمہاری گردن مارنے کا حکم دوں تو کیا ہو؟

قنبرؓ: میں سعادتمندوں میں ہوں گا اور تو شقیوں میں سے۔

حجاج لعین نے حکم دیا کہ قنبرؓ کا سر جدا کیا جائے۔ وہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ یہ وہ دلیرانہ گفتگو تھی جو قنبرؓ نے بڑھاپے میں کی اور جام شہادت پی کر سو گئے۔ شیرِ خداؑ کی جیتی جاگتی یادگار بظاہر تو ظالم بادشاہ کے نجس ہاتھ سے مٹ گئی مگر تو بر جب تک آقا کا نام باقی ہے اس وقت تک مظلوم غلام فراموش نہ ہوگا۔

شہادت قنبرؓ کا ذکر لسان الواعظین صفحہ ۲۹۳ میں بھی ہے۔

(توضیح) حجاج بن یوسف کو عبد الملک بن مروان نے ۷۵ہجری میں گورنر عراق مقرر کیا اور شوال ۹۵ھ میں اس کی حکومت ختم ہوتی ہے۔ اس لئے قنبرؓ کی شہادت انہیں حدود اور امام زین العابدینؑ کے زمانہ کا حادثہ ہے۔ (کچھ مسلمان کراچی کے، خالد بن ولید کی برسی کر رہے ہیں۔ زندہ دلان پنجاب سے میری خواہش ہے کہ یوم قنبرؓ منائیں۔ آغا مہدی)

مزارِ قنبرؓ آخوند مرزا قاسم علی صاحب کشمیری مرحوم و مغفور اپنے سفرنامہ[1] میں لکھتے ہیں:-

---

لہ زاد الزائرین حصہ اول صفحہ ۲۹ آج کل کے سفرناموں میں بھی بغداد کی زیارتوں میں قبرِ قنبرؓ کا ذکر ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"بغداد کے محلہ یہود و نصاریٰ کے درمیان ایک علاقہ قنبرؓ کے نام سے موسوم ہے وہاں یہ وفا شعار غلام آرام کر رہا ہے اور نواب اقبال الدولہ بہادر شاہزادہ اودھ کی رباعی ایک تختہ پر لکھی ہوئی آویزاں ہے ؎

ہم قطار مست قنبر من — مالک ہر دو سرا است حیدر من
نعل و نعلین و دل دل قنبر — جیغۂ تاج و پر افسر من

اس مزار کے پاس ایک پتھر کا مینڈھا بنا ہوا ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ حاجتمند جس کام کے لیئے نیت کر کے اس مینڈھے کو اٹھا لیتا ہے وہ کام ضرور ہوتا ہے۔ اگر وہ کام نہ ہونے والا ہو تو وہ مینڈھا ہرگز نہیں اٹھتا۔ عربوں کی یہ حرکت مستحسن نہیں ہے۔

جد امجد حضرت غفران مآب اعلی اللہ مقامہ نے بھی بغداد میں اس قبر کی زیارت کی تھی اور اپنی کتاب آخر مسکن القلوب میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے آج بس اور ٹیکسی سے یہ راستے آسانی سے طے ہوتے ہیں اُس وقت قافلہ اور پیدل سفر کے سوا دوسرا ذریعہ پہنچنے کا نہ تھا۔

مزار کی دو حیثیتیں ہیں۔ خادم مولا کی قبر اور شہید راہ خدا کی آرام گاہ جس سے قاتل کی یاد تازہ ہوتی ہے۔ وہ قتیل جو اپنی وفا اور کمالات میں نادرالکلام مقرر اور جلیل عالم تھا قنبرؓ سے روایات کا پایا نہ جانا اور دوسرے غیر معروف غلام سے راویوں کا اخذ علوم بتاتا ہے کہ دور عصبیت میں یحییٰ ابن کثیر سے نقل روایات میں محدثین کو ڈر نہ تھا ان کو عام لوگ علیؑ کا غلام نہیں سمجھتے تھے اور قنبرؓ کا نام زبان پر آنے کے ساتھ آقا کا تصور ہے اس لئے قنبرؓ کی روایات کا فقدان ہے اور ان کے علوم کنز مخفی ہو کر رہ گئے۔

اولاد

فضہؓ محترمہ کی اولاد کا کئی پشت تک وجود رہا۔ قنبرؓ کے بارے میں بجز خاموش رہنے کے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ فضہؓ کو نا کتخدا سمجھنا شریعت سے اعلانِ جنگ، تاریخ سے تصادم اور جہل پروری ہے۔

مظلوم غلام کی شہادت پر آقازادہ کا تاثر

سیرت امام زین العابدین علیہ السلام میں ہے کہ جب وہ کسی مرنے والے کی سنائی سنتے تو یہ دعا پڑھتے تھے قنبرؓ کا قتل اُن کے مصیبت زدہ دل کے لیئے بہت زیادہ رنج و ملال کا سبب ہوگا۔ یہ صحیفۂ سجادیہ کی چالیسویں دعا ہے۔

(ترجمہ) اے معبود محمدؐ اور اس کی آلؑ پر رحمت بھیج اور طولِ امید سے ہمیں بچا اور سچے عمل کے ذریعے سے اُس امید کو ہم سے کم کر تاکہ کسی گھڑی کے بعد کسی دوسری گھڑی کے پورے ہونے اور ایک دن کے بعد دوسرے دن کے کامل ہونے اور ایک سانس کے بعد دوسری سانس سے متصل ہونے اور ایک قدم کے بعد دوسرے قدم سے ملنے کی ہم امید نہ کریں اور اس کے دھوکہ سے ہمیں محفوظ رکھ اور اس کی برائیوں سے ہمیں بے خوف کر اور موت کو میرے سامنے برقرار رکھ اور اس کی یاد میں ناغہ نہ ڈال اور نیک کاموں میں سے ہمارے لئے وہ کام قرار دے جس کے ہوتے ہوئے تیرے پاس آنے کے وقت کو دیر سمجھیں اور تجھ سے جلد ملنے کی اُسی کام کے سبب سے خواہش کریں یہانتک کہ موت ہماری ایسی دلچسپی کی چیز ہو جائے جس سے ہم دلچسپی حاصل کریں اور ایسی الفت کی چیز ہو جائے جس کے ہم مشتاق ہوں اور ایسے ہمارے عزیز و قریب بنجائے جس سے قریب ہونے کو ہم پسند کریں۔ پھر جب تو اسے ہم پر اتارے اور اسے ہمارے پاس لائے تو پھر ہم کو اس کی وجہ سے نیک بخت کر اور اس سے ہم کو مانوس کر جبکہ وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آئے اور اس کی مہمان نوازی سے ہم کو محروم نہ کر اور اس کی ملاقات سے ہم کو رسوا نہ کر اور اسے ہماری بخشش کے دروازوں میں سے ایک دروازہ بنا اور اپنی رحمت کی کنجیوں میں سے ایک کنجی۔ ہم کو موت دے تو ہدایت یافتہ نہ راہ بھٹکے ہوئے فرماں بردار نہ مکروہ سمجھنے والے توبہ کرنے والے نہ مخالفت کرنے والے اور نہ اصرار کرنے والے اے نیکوکاروں کے بدلے دینے کے ذمہ دار اور اے خرابی پیدا کرنے والوں کے کام کے درست رکھنے والے۔" اصل کو نظر انداز کر کے ترجمہ پر اکتفا کی ہے جس میں دو مقام قابل غور ہیں۔

(۱) اصل دعا میں حامّتنا ہے جس کے معنے عموماً لغت میں یہ ہیں الحامة الخاصة وحامة الرجل خاصته من ولده وذی قرابته وتقول هولاء حامتی ای اقربائه۔ یعنے حامہ خاصہ کے مرادف ہے اور حامۃ الرجل کے معنے یہ ہیں اُس شخص کے خاص لوگ اولاد اور رشتہ داروں میں سے چنانچہ عرب کہتا ہے وہ ہیں اس کے حامہ تو مراد قرابتدار ہوتے ہیں۔ یہ لفظ اصل میں آیۂ تطہیر کی تفسیر میں قول نبیؐ سے ماخوذ ہے "ھولاء اھلبیتی وخاصتی و حامتی"۔ تعجب ہے کہ بجارہ ترجمہ کیوں کیا گیا اگر بجارہ کے معنے میں کسی لغت میں استعمال ہوا ہو تو اس جگہ وہ معنے درست نہیں۔ اسی لحاظ سے محترم معاصر مولانا مفتی جعفر حسین صاحب دامت عالیہ نے ان ہی معنوں میں ترجمہ کیا ہے۔

---

[۱] صحیفۂ کاملہ مترجم مولانا سید محمد ہارون زنگی پوری طبع دوم ۱۹۲۲ء مطبع یوسفی دہلی صفحہ ۲۳۴ [۲] معجم الطالب صفحہ ۲۰۴ مصر۔

انتباہ:۔ بعض افاضل کو اپنے مقالہ حقوق ہمسایہ میں دھوکا ہوا ہے کہ امام غزالی صحیفۂ کاملہ کو زبور آل محمدؐ اور انجیل اہلبیت کہتے ہیں (محترم جریدہ شیعہ لاہور مورخہ ۸ اکتوبر ۱۹۶۷ء صفحہ ۸) ایسا نہیں ہے مفتی اعظم قسطنطنیہ

(۲) موت کو امامؑ نے دروازہ قرار دیا ہے اور یہ مطلب دعا سمات میں موجود ہے کہ ہر شے کا دروازہ ہوا کرتا ہے۔ کوئی چیز بغیر دروازہ کے نہیں۔ موت کے بعد آخرت دار القرار ہے۔ خدا نہ کردہ کسی عزیز اور دوست کی خبرِ وفات پر ہم کو بھی یہ دعا پڑھنا چاہیئے۔

علمائے دین کی نظر میں قنبرؒ کی وقعت

محبت کے جرم میں خونریزی

شیعی علماء اور صاحبانِ کمال میں ابو یوسف ابن اسحاق بن سکیتؒ علم نحو کے مشہور آفاق استاد متوکل عباسی کے لڑکوں کو پڑھاتے تھے۔ ان کی اعلیٰ قابلیت اور دماغ نے اس عہدہ پر پہونچایا تھا اور وہ بھی زمانہ کے دورِ حاضر میں اس منصب کو غنیمت سمجھتے تھے۔ مرنجاں مرنج رویہ اوقاتِ تعلیم میں رہا۔ مذہبی چھیڑ چھاڑ کیسی مگر ظالم فرمانروا کو فکر تھی کہ کسی طرح درس دینے والے کو راہِ ہدایت سے ہٹایا جائے مگر تو یہ محبتِ علیؑ پتھر کی چٹان سے زیادہ مضبوط اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار سے زیادہ سخت اوقات درس میں متوکل کو آنے کا حق بھی نہ تھا وہ مصاحبت کے لئے نہیں وابستہ ہوئے تھے' پڑھانے کو آتے تھے۔ یکایک متوکل نشہ نخوت سے سرشار سامنے آیا اور پوچھا:۔

متوکل نے:۔ (مولوی جی) تمہیں میرے دونوں بیٹے معتز اور موید زیادہ پیارے ہیں یا حسنین (علیہما السلام)

سلیمان بلخی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۱۵ طبع بمبئی میں زبور اہلبیت کا درجہ دیا ہے۔ انجیل کے انجیل اہلبیت قرار دینے کا غیروں کی کتابوں میں ثبوت نہیں دستیاب ہوا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن سکیتؒ:۔ (غصہ سے بے قابو ہو کر) متوکل! تجھ سے اور تیرے دونوں بیٹوں سے میرے نزدیک قنبرؓ بہتر ہے۔

متوکل لعین نے حکم دیا کہ ان کی زبان گدی سے کھینچی جائے اور وہ ۲۴۴ھ میں سزایاب ہو کر شہید ہوئے۔

(دیکھو تاریخ زین الدین بن عمر وردی ص ۲۲۸ مکتبہ ممتاز العلماء)

ایک محبِ علیؑ ہی قتل نہیں ہوا بلکہ علم و کمال کا چراغ گل کر دیا۔

تصویرِ قنبرؓ

یادش بخیر حسین آباد ٹرسٹ لکھنؤ کے مشہور زمانہ شاہی امام باڑے میں جو شیشہ آلات اور تبرکات سے آراستہ ہے صحنِ حسینیہ کی طویل نہر میں دُلدل (ذوالجناح) کا مجسمہ ہے اور باگ ہاتھ میں لیے ہوئے حبشی غلام معمار عمارت نے کچھ اس طرح سے بنایا ہے کہ انسان دیکھتا رہ جاتا ہے۔ یہ فعل کاریگر کا ابتدا، وقت میں کسی طرح صحیح نہ تھا مگر تشکیل کے بعد اس کا توڑنا خالی از اشکال نہیں۔ سرکارِ دو عالمؐ نے بروز بت شکنی جو بت حضرت ابراہیمؑ کی صورت کا تھا اس کو توڑ انہیں دفن کرا دیا (لواعج الاحزان) اس لیے زائرین حرمت و تعظیم کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور شبِ عاشور محرم کی روشنی دیکھنے خلائق کا وہ ہجوم ہوتا ہے کہ چوک سے آسانی سے راہ گیر گذر نہیں سکتا۔ خداوندِ عالم بھارت کے جملہ مساجد اور مقاماتِ متبرکہ کو کفار اور مشرکین کی شر سے محفوظ رکھے۔

ادبیات

مولوی رومؒ

آنکہ او را با علی از جہل ہمسر میکنی — نیست فخرش ہیچو فخر کفش قنبر داشتن

سنائیؒ

آنکہ او ز ابر علیِ مرتضیٰ خوانی امیر — باسر او میتواند کفشِ قنبر داشتن

شمس تبریزؒ

شمس شدہ چاکرت گردہ قنبرت — نہ نہ کہ خاک درت شاہ سلام علیک

دیگر

آیۂ انما برت، تاج زلافتی سرت — شمس غلام قنبرت دم بہ دم علیؑ علیؑ

کاشی

السلام اے صاحبِ محراب و منبر السلام — السلام اے خواجہ سلمان و قنبر السلام

خواجہ بقا

قنبرِ من خواجہ تاشے خواجہ تاشی از ازل — ز آن غلام مرتضےؑ ام زان غلام مرتضیٰؑ

حافظ شیرازی

مردے ز کنندۂ درِ خیبر پرس — اسرارِ کرم ز خواجہ قنبر پرس

گر تشنہ لطفے است نوائے حافظ — سرچشمۂ آں ز ساقیِ کوثر پرس

غالب

قنبر و دیں میانہ گر سرگران شود — برخیزم دستیزہ بہ قنبر بر آدرم

علامہ اقبال

جانم بہ غلامیٔ تو خوستر — سر برزدہ ام ز جبیب قنبر

دیگر

نعرۂ حیدر نوائے بوذر است — گرچہ از حلقِ بلال و قنبر است

لال شہباز قلندرؒ

آں علی است ساقیِ کوثر — آں علی حاکم قضا و قدر

آں علی قاسم نعیم و سقر — قنبرش را ز جانِ حیدر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ

نظام الدین حیا دارد کہ گوید بندہ شاہم — ولیکن قنبر او را کمینہ یک گدا باشد

بوعلی شاہ قلندرؒ

ہست علیؑ حاکم قدیر و قدر — قنبر شہ اعظم نہ جاں چاکر

خواجہ حضرت شیخ فریدالدین عطارؒ

پیروی احمد مرسل کنم — بندگی خواجہ قنبر کنم

شاہ نعمت اللہ ولیؒ

مسند نشین مجلسِ ملک ملائکہ — دوار زوی مرتبہ و جاہ قنبرؓ است

طوطی ہند امیر خسروؒ

اے بندہ مومن! بہ مہر خواجہ قنبر — امام حاضر و غائب امیر المومنین حیدر

مستان شاہ مجذوب کابلی

شہباز اوجِ وحدت و سیمرغ قاف قدس — سلطان ہفت کشور و مولائے قنبر است

مولوی محمد جلال الدین رومیؒ

نور پیمبرؐ علیؑ ست فاتح اکبر علی ست — صاحب قنبرؓ علی ست گوش کن و دم مزن

شہنشاہ اکبر مغل اعظم

ز قید خسروی ہر دو کون آزاد است — کسے کہ از دل و جان شد غلام قنبر او

محبوب راجہ محمود آباد

قنبر آں چاکر باوفائے علیؑ — من فدائیش کہ بود او فدائے علیؑ

ناصر علی سرہندی تخلص علی اور وہ سید علوی تھے

گر از حسب بپرسی قنبرم قنبر — دگر از نسب بگوئی اولاد مرتضیٰ ام

میرانیس

پوچھیں گے نکیرین تو کہہ دوں گا انیس — قنبر کا جو مولا ہے غلام اس کا ہوں

مرزا سلامت علی دبیرؒ

سب ثنا خوانوں سے کمتر ہے دبیر — بندۂ سلمان و قنبر ہے دبیر

سید خورشید حسن عرف دولھا صاحب عروج

اللہ اللہ یہ غلامیٔ علیؑ کا ہے شرف — مشکلیں حل ہو گئیں جب نام قنبر لے لیا

علی نقی صفی

دیر سے پہنچے درِ شاہِ نجف پر ہم فقیر — ایک عہدہ تھا غلامی کا وہ قنبر لے گئے

ولہ

غلامی ساقیٔ کوثر سلیمانوں سے بہتر ہے — وہ ظاہر میں تو قنبر ہے نصیبہ کا سکندر ہے

آغا سرخوش لکھنوی

اللہ رے غلامیٔ حیدر کی برتری — ہے حسن یوسف کی خریدار قنبری

نادم نیشاپوری

احساسِ مساوات کا پیکر دیدے — آقائی سے بے نیازی حیدر دیدے

اس دورِ غلامی کو مٹانے کے لیے — اس عہد کو یارب کوئی قنبر دیدے

ناطق امروہوی

کوئی سلمان نہیں ملتا کوئی بوذر نہیں ملتا — ہمیں دونوں جہاں میں ثانیٔ قنبر نہیں ملتا

فدا بخاری

سایۂ شبیر و شبر ہیں علیؑ و فاطمہؑ — قبلۂ سلمانؓ و قنبرؓ ہیں علیؑ و فاطمہؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آرزو لکھنوی

وہ کون خواجۂ قنبرؓ علیؑ عالی قدر ‏ ‏ ‏ ولیؑ خاص خدا کا، نبیؐ کا محرم راز

تاثیر نقوی

ہے جس کی مدح اُسی کی عطا ہے یہ تحریر ‏ ‏ ‏ وگرنہ خواجۂ قنبرؓ کہاں، کہاں تاثیر

غ، ح، اسیر ایرانی

یہ قنبرؓ کا نصیبہ تھا یہ فضہؑ کی قسمت تھی
نہیں ملتی فضیلت بھی کسی کو لیوں مقدر سے
غلامی حضرتِ مولا علیؑ کی عین ایماں ہے
غلامی میں مزہ کیا ہے؟ یہ پوچھے کوئی قنبرؓ سے

آمد اصغرؑ اور جناب قنبرؓ

از نتیجہ فکر۔ جناب واجد علی شاہ مرحوم تاجدار اودھ

رن میں ابرو کماں کی آمد ہے ‏ ‏ ‏ اصغرِ بے زباںؑ کی آمد ہے
سب پہ ظاہر اس کے جد کا حال ‏ ‏ ‏ صاحب کہر نے کیا جو سوال
نان دوائے شہِ خجستہ خصال ‏ ‏ ‏ بولے قنبرؓ سے آپؑ نان نکال
بھوکا ہے اب دیر نہ کر قنبرؓ ‏ ‏ ‏ جلد سائل کو سیر کر قنبرؓ
بولے قنبرؓ کہ نان ہے شُتر پہ بار ‏ ‏ ‏ کہا دیدے شُتر کی اس کو مہار
کہا شُتر ہے میانِ قطار ‏ ‏ ‏ کہا قطار دیدے بے تکرار
سنتے ہی حکم میرِ کوثر کا ‏ ‏ ‏ ریسماں کو چھوڑ کر سِرکا
پوچھا مولاؑ نے کیا سبب اس کا ‏ ‏ ‏ کہا دل میں میں اپنے یہ سمجھا
بہر بخشش ہے جوش پر تیرا ‏ ‏ ‏ مجھ کو دے دے تو کیا کروں مولاؑ

ایسا فیاض کا یہ پوتا ہے
جان باقی بغیر کھوتا ہے

ہدیہ بصد شکریہ:۔ جناب سید حسن حیدر صاحب زیدی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا صاحب العصر والزمان ؑ المدد

قسم خدا کی بڑا نیک کام کرتے ہیں
غمِ حسینؑ کا جو اہتمام کرتے ہیں

نام کتاب

حسینؑ حسینؑ

مرتبہ و مؤلف

محمد وصی خاں

شخصیتِ امام عالیمقام پر حیرت انگیز معلوماتی تحقیقی بے مثال مضامین کا نایاب مجموعہ جس کو پہلی بار اس کتاب میں یکجا کیا گیا ہے۔ ہزاروں سال کی محنت، ہزاروں سال کا نچوڑ اور ہزاروں روپیہ کی کتابوں سے حاصل کیا ہوا مواد

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام بارگاہ کھارادر کراچی ۷۴۰۰۰

فون 2431577

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas